تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
Power of Pakistan News Agency
جلد: 02 | منگل 16 جون 2026، 30 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 276

ریاست بچانے کا تاریخی فیصلہ وزیراعظم کا بڑا اقدام تھا، عطا تارڑ

آج میکرو اکنامک استحکام آیا ہے تو اسے تسلیم تو کریں، بجٹ میں غریب آدمی کے لیے کوئی ٹیکس نہیں، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کو بجٹ میں خصوصی ریلیف دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ تاریخ اس قدم کو یاد رکھے گی جب وزیراعظم شہباز شریف نے نعرہ لگایا کہ میں ریاست کو بچاؤں گا، مسلم لیگ (ن) نے مشکل معاشی حالات میں اقتدار سنبھالا، اپوزیشن کے ممبران نے بھی اچھی تجاویز دیں، شرح سود اگر 22 فیصد پر رہتا تو ملک کے آج کیا حالات ہوتے، معاشی استحکام راتوں رات نہیں آیا، آج میکرو اکنامک استحکام آیا ہے تو اسے تسلیم تو کریں، بجٹ میں غریب آدمی کے لیے کوئی ٹیکس نہیں، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کو بجٹ میں خصوصی ریلیف دیا ہے، وزیراعظم نے ایکسپورٹرز کیلئے سپر ٹیکس کو ختم کیا، ہم ایسی معیشت بنیں گے کہ ساری دنیا دیکھے گی، کوئی بجٹ پر مثبت بات کر رہا ہے، بجٹ پر (بقیہ نمبر 38)

شرمیلا فاروقی کا 8000 روپے کی خط غربت کی تعریف کا طریقہ کار بدلنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی نے مطالبہ کیا ہے کہ خط (بقیہ نمبر 6)

اللہ حکومت کو درست فیصلوں کی توفیق دے، قرضے میں 100% اضافہ تشویشناک ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ قرضوں پر (بقیہ نمبر 5)

گلگت بلتستان کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی عوامی خدمت پر اعتماد کا مظہر ہے، فیصل کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں (بقیہ نمبر 4)

وزیر موصوف نے ایوان میں حقائق کو مسخ کیا اور غلط بیانی کی، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ وزیر موصوف نے ایوان (بقیہ نمبر 3)

نامعلوم خاتون کے قتل کا معمہ حل کرنے پر حنا پرویز بٹ کی پولیس کو شاباشی

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے سرگودھا میں (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بجٹ میں غریب آدمی کے لیے کوئی ٹیکس نہیں، عطا تارڑ

مسلم لیگ (ن) نے مشکل معاشی حالات میں اقتدار سنبھالا، اپوزیشن کے ممبران نے بھی اچھی تجاویز دیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ تاریخ اس قدم کو یاد رکھے گی جب وزیراعظم شہباز شریف نے نعرہ لگایا کہ میں ریاست کو بچاؤں گا، مسلم لیگ (ن) نے مشکل معاشی حالات میں اقتدار سنبھالا، اپوزیشن کے ممبران نے بھی اچھی تجاویز دیں، شرح سود اگر 22 فیصد پر رہتا تو ملک کے آج کیا حالات ہوتے، معاشی استحکام راتوں رات نہیں آیا، آج میکرو اکنامک استحکام آیا ہے تو اسے تسلیم کریں، بجٹ میں غریب آدمی کے لیے کوئی ٹیکس نہیں، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کو بجٹ میں خصوصی ریلیف دیا ہے، وزیراعظم (بقیہ نمبر 9)

پاکستان کے اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم کی مجموعی مالیت 4 ارب ڈالر سے متجاوز

ایس آئی ایف سی کی تین سالہ موثر سہولت کاری کے نتیجے میں پاکستان کی آئی ٹی، ڈیجیٹل شعبے میں نمایاں کامیابیاں

لاہور (این این آئی) رواں سال پاکستان کے اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم کی مجموعی مالیت 4 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ رپورٹ کے مطابق خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی تین سالہ موثر سہولت کاری کے نتیجے میں پاکستان کے آئی ٹی اور ڈیجیٹل شعبے نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی (بقیہ نمبر 7)

اسحاق ڈار کی مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک گفتگو، خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے (بقیہ نمبر 8)

سیالکوٹ کے کاریگروں کی مہارت عالمی فٹبال میلے کا حصہ بن گئی، اسحاق ڈار

پاکستان عالمی مقابلے میں شریک ٹیموں میں شامل نہیں، تاہم پاکستان کا ایک حصہ ہر پاس، ہر سیو اور ہر گول میں موجود ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ میکسیکو، امریکا اور کینیڈا میں شروع ہونے والے فیفا ورلڈ کپ 2026 میں پاکستان کو بھی اپنا کردار ادا کرنے پر فخر ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ''ایکس'' پر اپنے پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ ورلڈ کپ کے تمام میچوں میں استعمال ہونے والی سرکاری میچ بال (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کوڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران محرم الحرام میں سیکیورٹی انتظامات بارے پرمانگ دے رہے ہیں۔

اگلے 24 گھنٹوں میں امریکا ایران معاہدے کو حتمی شکل دے سکتے ہیں، وزیراعظم

اگلے ہفتے تکنیکی سطح کے مذاکرات منعقد ہوں گے، مسلسل عزم اور مذاکرات کے دوران تعمیری کردار پر امریکا اور ایران کے شکر گزار ہیں، یقین ہے یہ تاریخی امن معاہدہ خطے میں دیرپا امن، استحکام اور باہمی تعاون کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرے گا

وزیراعظم نے پوسٹ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، جے ڈی وینس، مارکو روبیو، اسٹیو وٹکوف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور عباس عراقچی کو بھی ٹیگ کیا۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی کہا ہے کہ ایران سے کل معاہدے پر دستخط ہونے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ امریکا اور ایران امن معاہدے کے بہت زیادہ قریب ہیں، اگلے 24 گھنٹے میں معاہدے کو حتمی شکل دیے جانے کی توقع ہے، پاکستان معاہدے پر الیکٹرانک دستخط کی تیاری کر رہا ہے۔ سوشل میڈیا بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ اگلے ہفتے تکنیکی سطح کے مذاکرات منعقد ہوں گے، مسلسل عزم اور مذاکرات کے دوران تعمیری کردار پر امریکا اور ایران کے شکر گزار ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ یقین ہے یہ تاریخی امن معاہدہ خطے میں دیرپا امن، استحکام اور باہمی تعاون کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 39)

لاہور: صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ صحت و آبادی میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آسان مالی سہولتوں کے فروغ کیلئے ڈیجیٹل فنانسنگ، ہاؤسنگ، ہنرمندی کے نئے پروگرام متعارف

زرعی شعبے میں ڈیجیٹل فنانسنگ کے ذریعے 7 لاکھ 50 ہزار نئے قرض لینے والوں کو مالی سہولت فراہم کرنیکا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) آسان مالی سہولتیں بڑھانے کیلئے پاکستان میں ڈیجیٹل فنانسنگ، ہاؤسنگ اور ہنرمندی کے نئے پروگرام متعارف کرائے گئے ہیں۔ زرعی شعبے میں ڈیجیٹل فنانسنگ کے ذریعے 7 لاکھ 50 ہزار نئے قرض لینے والے افراد کو مالی سہولت فراہم کرنے (بقیہ نمبر 12)

اسحاق ڈار اور ترک وزیر خارجہ کا رابطہ، ایران امریکا پیشرفت پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکی کے وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفونک (بقیہ نمبر 11)

آزاد کشمیر کے کچھ بھٹکے ہوئے بھائی کسی ایجنڈے پر چل رہے ہیں، خواجہ آصف

بات چیت کی ابتدا ریاست سے وفاداری اور مکمل اطاعت سے ہوتی ہے، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے کچھ بھٹکے ہوئے بھائی کسی ایجنڈے پر چل رہے ہیں۔ خواجہ آصف نے سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر کی گئی پوسٹ میں کہا کہ آزاد کشمیر کے کچھ بھٹکے ہوئے بھائی کسی ایجنڈے پر چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ آئین کو ضرور پڑھ لیں، آئین کا آرٹیکل 5 ہر شہری سے ریاست کے ساتھ غیر متزلزل وفاداری کا تقاضا کرتا ہے۔ خواجہ آصف نے (بقیہ نمبر 14)

ٹریفک قوانین کو سکول نصاب میں شامل کیا جائے، سی ٹی او لاہور کا سیکرٹری ایجوکیشن کو خط

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے سیکرٹری سکولز ایجوکیشن کو خط لکھ کر ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کو تعلیمی نصاب میں شامل کرنے کی سفارش کی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی اور روڈ یوزر ایجوکیشن کو سکولوں کے نصاب کا لازمی (بقیہ نمبر 16)

پولیس نے مالی سال 27-2026 کے تعمیراتی بجٹ کی تجاویز مرتب کرلیں

منصوبوں کی مجموعی لاگت 30 ارب 17 کروڑ 56 لاکھ روپے ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے مالی سال 2026-27 کے ترقیاتی بجٹ کی تجاویز مرتب کرلی ہیں۔ پنجاب پولیس کے ترقیاتی منصوبوں کی مجموعی لاگت 30 ارب 17 کروڑ 56 لاکھ روپے ہے۔ ذرائع کے مطابق سیف سٹی لاہور پراجیکٹ کی ری ویمپنگ کیلئے ایک ارب 20 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ سمارٹ سیف سٹیز انک، جہلم، مری اور راولپنڈی کیلئے 99 کروڑ 18 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی۔ اس کے علاوہ سپیشلائزڈ (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی سیکرٹری اطلاعات وثقافت سید طاہر ہمدانی سے فنکاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

جی ایس پی پلس برقرار رکھنے کیلئے پنجاب کا نیا روڈ میپ تیار

ترقیاتی منصوبوں کو عالمی ماحولیاتی تقاضوں، پائیدار ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ کرنے کی تیاری شروع کردی گئی

لاہور (این این آئی) یورپی یونین تک پاکستان کی ترجیحی تجارتی رسائی برقرار رکھنے کے لیے پنجاب حکومت نے نئے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت ایک جامع روڈ میپ تیار کرلیا ہے جس میں ترقیاتی منصوبوں، ماحولیات، توانائی، ویسٹ مینجمنٹ اور بین الاقوامی معاہدوں پر مضر عملدرآمد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یورپی یونین کے نئے جی ایس پی پلس نظام کے تحت پاکستان کو سہولت برقرار رکھنے (بقیہ نمبر 23)

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کا قصور کا دورہ، محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

محرم الحرام کے دوران شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ملک فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبائی وزیر توانائی و کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے ضلع قصور کا دورہ کیا اور محرم الحرام کے دوران امن و امان اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر آفتاب احمد پھلروان، ریسکیو 1122، (بقیہ نمبر 24)

سیالکوٹ: صوبائی وزیر محمد منشا اللہ بٹ چوک شہاب پورہ گلی اور روڈس روڈ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

ایف بی آر کے ڈیجیٹل نظام میں شامل نہ ہونے والوں پر بھاری جرمانے تجویز

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ڈیجیٹل نظام میں شامل نہ ہونے والوں پر بھاری جرمانے تجویز کر دیئے۔ ایف بی آر سے کاروبار کا ڈیجیٹل انٹیگریشن نہ کرنے پر 10 لاکھ روپے تک جرمانہ تجویز کیا گیا ہے۔ فنانس بل کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

لائیوسٹاک شعبے میں ایک اہم کامیابی، روسی فٹ اینڈ ماؤتھ ڈیزیز ویکسین کی فراہمی بحال کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) لائیوسٹاک شعبے میں ایک اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے روسی فٹ اینڈ ماؤتھ ڈیزیز ویکسین کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے، اس پیش رفت میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے کلیدی کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں لائیوسٹاک شعبے کی ترقی اور بین الاقوامی تعاون کو مزید تقویت ملی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں فٹ اینڈ ماؤتھ ڈیزیز سے (بقیہ نمبر 25)

پنجاب پولیس نے مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی تجاویز مرتب کرلیں

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی تجاویز مرتب کرلی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس نے محکمہ خزانہ سے 10 ارب 29 کروڑ 61 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی ہے۔ پنجاب پولیس کے ترقیاتی منصوبوں کی مجموعی لاگت 30 ارب (بقیہ نمبر 27)

ہم نے پی ٹی آئی کے دور کی فسطائیت اور جمہوریت کا چہرہ دیکھا ہے، حسن اقبال

جہاں سے بجلی پیدا ہوتی ہے وہاں کے لوگوں کا پہلا حق ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ پارلیمنٹ آزاد اور عوام کی نمائندہ ہو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہم نے پی ٹی آئی کے دور کی فسطائیت اور جمہوریت کا چہرہ دیکھا ہے، اس وقت ایوان میں گرفتار ارکان کے پروڈکشن آرڈر نہیں جاری کئے جاتے تھے، ایوان میں روزمرہ کا ایجنڈا بھی ڈکٹیشن لے کر لایا جاتا تھا۔ اتوار کو قومی اسمبلی میں سابق سپیکر اسد قیصر کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات کے جواب دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

مشعال حسین ملک کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات، آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے امیر جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال اور مسئلے کے پرامن اور سیاسی حل پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں حیبو آئی کشمیر (بقیہ نمبر 30)

کاروباری اوقات کار بڑھانے سے ریٹیلرز کی سیلز میں اضافہ اور معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، سی اے پی

اسلام آباد (این این آئی) چین سٹورز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے جنرل سٹورز اور چھوٹی دکانوں کے لئے اوقات کار کو 8 سے 9 بجے تک بڑھانے کے وفاقی حکومت کے فیصلہ کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے صارفین کے رویے، شہری معمولات اور گرمی سے بچاؤ کی عکاسی ہوتی ہے۔ سی اے پی نے ارباب اختیار کو تجویز پیش کی ہے کہ قومی سطح پر ریٹیلرز کی دکانوں کو بند (بقیہ نمبر 31)

کاروبار ایف بی آر کے ساتھ ڈیجیٹل انٹیگریشن نہ کرنے پر 10 لاکھ تک جرمانے کی تجویز

مقررہ مدت میں انٹیگریشن نہ کرنے والے کاروبار سیل کیے جاسکیں گے، فنانس بل میں تجویز

لاہور (این این آئی) بجٹ 2026-27 میں ڈیجیٹل ٹیکس سسٹم میں شامل نہ ہونے والوں پر بھاری جرمانے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ مجوزہ فنانس بل کے مطابق جو کاروبار ایف بی آر کے ساتھ ڈیجیٹل انٹیگریشن نہیں کریں گے ان پر 10 لاکھ روپے تک جرمانہ جبکہ مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں 50 لاکھ روپے تک کی تجویز ہے، مقررہ مدت میں انٹیگریشن نہ کرنے والے کاروبار سیل کیے جاسکیں گے۔ فنانس بل میں جعلی اور فرضی ٹیکس انوائسز کے اجراء کے خلاف (بقیہ نمبر 17)

ماحول دوست انقلاب، لیکوئڈ ٹری منصوبے میں بڑی پیشرفت

ابتدائی مرحلے میں تیار کردہ لیکوئڈ ٹریز کو بڑے مالز، انڈور، آٹ ڈور مقامات پر نصب کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب کو ماحول دوست صوبہ بنانے کے ویژن کے تحت ایک اور اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جس کے تحت جدید سائنسی تحقیق پر مبنی لیکوئڈ ٹری منصوبے کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مطابق پاکستان کا پہلا ای پی اے تصدیق شدہ لیکوئڈ ٹری فیصل آباد سے لاہور منتقل کیا جائے گا، اس منصوبے کے لیے (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین لین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کر رہی ہیں

چیک ڈس آنر مقدمات میں پیشرفت، رکن اسمبلی ثاقب چدھڑ اور مدعی خاتون میں صلح

مقدمات کے اندراج کے بعد ثاقب چدھڑ نے مدعی خاتون سے رابطہ کیا، مذاکرات میں معاملات طے پاگئے

لاہور (این این آئی) حکمران جماعت کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ کے خلاف تھانہ ڈیفنس اے میں درج چیک ڈس آنر مقدمات میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں دونوں فریقین کے درمیان مالی معاملات طے پا جانے کی اطلاعات ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق مدعی خاتون ماہ رخ عارف اور ثاقب چدھڑ کے درمیان ہونے والے رضامندی نامے کی کاپی بھی سامنے آگئی ہے جس میں باہمی معاملات حل کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مقدمات (بقیہ نمبر 19)

ماحول دوست انقلاب، لیکوئڈ ٹری منصوبے میں بڑی پیشرفت

ابتدائی مرحلے میں تیار کردہ لیکوئڈ ٹریز کو بڑے مالز، انڈور، آٹ ڈور مقامات پر نصب کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب کو ماحول دوست صوبہ بنانے کے ویژن کے تحت ایک اور اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جس کے تحت جدید سائنسی تحقیق پر مبنی لیکوئڈ ٹری منصوبے کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مطابق پاکستان کا پہلا ای پی اے تصدیق شدہ لیکوئڈ ٹری فیصل آباد سے لاہور منتقل کیا جائے گا، اس منصوبے کے لیے

خون عطیہ کرنے والے افراد انسانیت کے حقیقی ہیرو ہیں، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ خون عطیہ کرنے والے افراد انسانیت کے حقیقی ہیرو ہیں۔ عالمی یوم عطیہ خون پر اپنے خصوصی پیغام میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ عطیہ خون انسانیت (بقیہ نمبر 20)

قصور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کو محرم الحرام میں سیکیورٹی و دیگر انتظامات بارے بریفنگ دی جارہی ہے۔

مجھے نہیں لگتا حکومت کے اقدامات سے چیزیں ٹھیک ہوں گی، عارف حبیب

برآمدات میں اضافے کے لیے حکومت کو توانائی کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں مزید کمی کرنا ہوگی، نامور سرمایہ کاری کی گفتگو

کراچی (این این آئی) نامور سرمایہ کار عارف حبیب نے کہا ہے کہ انہیں نہیں لگتا کہ حکومتی اقدامات سے فوری طور پر معاشی صورتحال بہتر ہو جائے گی یا ملک میں خاطر خواہ سرمایہ کاری شروع ہو سکے گی۔ بجٹ کے بعد معیشت کے مکمل احوال سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے عارف حبیب نے کہا کہ توانائی کی بلند قیمتوں کے باعث سرمایہ کار پاکستان کا رخ نہیں کر رہے، جبکہ ٹیکس کی شرح بھی اب تک زیادہ ہے۔ انہوں نے سپر ٹیکس کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 32)

سلام آباد معاہدے کے تاریخی لمحے پر کشمیری مظاہرین احتجاج ختم کردیں، بلاول بھٹو

عالمی توجہ مضبوطی سے پاکستان پر مرکوز ہے، سیاسی شکایات اور اختلافات کا حل جمہوری، آئینی اور پرامن ذرائع سے نکالا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اسلام آباد معاہدے پر دستخط کا وقت قریب آ جانا تاریخی لمحہ ہے، عالمی توجہ مضبوطی سے پاکستان پر مرکوز ہے، سیاسی شکایات اور اختلافات کا حل جمہوری، آئینی اور پرامن ذرائع سے نکالا جانا چاہیے، پارلیمان اور سیاسی عمل ایسے مسائل کو حل کرنے کے مناسب فورمز ہیں، ہم سیاسی حل کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ ایک بیان میں (بقیہ نمبر 33)

لاہور سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ ختم نبوت یونیورسٹی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

تعلیمی میدان میں پاکستان کیلئے عالمی سطح پر غیر معمولی کامیابی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے نجی تعلیمی ادارے نے عالمی سطح پر ملک کے لئے غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے، بین الاقوامی ادارے کیو ایس سٹارز نے یونیورسٹی آف لاہور کو مجموعی طور پر ''فائیو سٹار رینکنگ'' اور ''ریٹڈ ایکسلنٹ'' کے اعزاز سے نوازا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 35)

جوینائل وارڈ میں غفلت، غیر ذمہ داری اور بدانتظامی پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ معطل

سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا ڈسٹرکٹ جیل لاہور اور سینٹرل جیل لاہور کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب جیل ریفارمز ایجنڈے پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے ڈسٹرکٹ جیل لاہور اور سینٹرل جیل لاہور کا تفصیلی دورہ کیا۔ سیکرٹری داخلہ نے زیر تعمیر لاہور ویمن جیل میں کام کی رفتار اور معیار کا بھی جائزہ لیا اور تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری داخلہ نے پریزن ویلفیئر سٹور، لٹریسی سینٹر، (بقیہ نمبر 34)

تنخواہوں میں 7 فیصد اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے، پبلک ایکشن فورم

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اونٹ کے (بقیہ نمبر 36)

موجودہ حکومت کو پی پی کی حمایت حاصل، آئینی مدت پوری کرسکے گی، مہیش کمار مالانی

این ایف سی ایوارڈ کو برقرار رکھنا پیپلز پارٹی کی ایک بڑی کامیابی ہے، صوبوں کے مالی حقوق کا تحفظ ضروری ہے، بجٹ پر بحث

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی مہیش کمار مالانی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کو پی پی کی حمایت حاصل ہے، جب تک تعاون برقرار رہے گا حکومت آئینی مدت پوری کرسکے گی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں بجٹ 2026-27 پر بحث میں (بقیہ نمبر 37)

بجٹ عوام دشمن، دو روز تک اہم لائحہ عمل دیں گے، حافظ نعیم الرحمن

آزاد کشمیر کی صورتحال میں بہتری کے لیے کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے احکامات پر بنائے گئے بجٹ میں عوام کے لیے کوئی سہولت نہیں، ملکی قرضے پچاسی ہزار ارب تک چلے گئے، سالانہ آٹھ سو ارب سود کی ادائیگی میں چلے جاتے ہیں، حکومت پٹرولیم لیوی ختم، صنعتوں کو سستی بجلی دے، بجٹ اور عوامی مسائل پر دو روز تک مشاورت کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ نمبر 28)

پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر نے الیکشن کمیشن سے شیڈول واپس لینے کا مطالبہ کردیا

اس وقت ریاست کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے مذاکرات اور سیاسی اتفاق رائے ناگزیر ہیں، چوہدری یاسین

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر نے الیکشن کمیشن سے شیڈول واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر کے صدر چوہدری محمد یاسین نے پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر کی کور کمیٹی کے اجلاس کے بعد جموں کشمیر ہاؤس میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر قانون ساز اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سردار محمد یعقوب خان، موسٹ سینئر وزیر میاں وحید وزرا حکومت سردار جاوید ایوب، جاوید اقبال بڈھانوی، (بقیہ نمبر 26)

دین ودانش

سود.... معاشرے میں فساد و بگاڑ کا سب سے بڑا سبب

سود سرمایہ داری نظام کا تحفظ جبکہ غریب عوام کے استحصال کا باعث ہے

قرآن وحدیث میں سود کی اس قدر سخت مذمت بیان کی گئی ہے کہ جسے سن کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں

اللہ اور اسکے رسول نے سودخور سے جنگ کا اعلان کیا ہے

مولانا عبداللہ

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، کھلانے والے اور اس کی لکھا پڑھی کرنے والے اور اس کے دونوں گواہوں پر لعنت فرمائی ہے اور فرمایا (یہ سب گناہ میں) برابر ہیں۔ (مسلم)

زیرِ نظر حدیث میں ایسے لوگوں پر لعنت بھیجی گئی ہے جو سودی کاروبار میں کسی حیثیت سے شریک ہوتے ہیں اور لعنت بھیجنے والے وہ عظیم شخص ہیں جو انسان تو کجا جانوروں اور چرند و پرند تک کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے تھے۔ اور جنکے اخلاق کریمانہ کی گواہی خود خالق کائنات نے دی تھی کہ آپ ﷺ اخلاق کے اعلیٰ معیار پر فائز ہیں اس کے باوجود آپ نے ایسے لوگوں پر لعنت بھیجی۔ اس کا راز آخر کیا ہوسکتا ہے؟

اسلام نے اپنا اقتصادی نظام ایک خاص عقیدے پر قائم کیا ہے کہ مال کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور انسان کو اس پر وقتی ملکیت دی گئی ہے۔ لہٰذا وہ اپنے مال میں سے سماج کے ان فقرا و مساکین کا بھی حق نکالے جو معاشی جدوجہد میں پیچھے رہ گئے ہیں، اسی لیے اسلام میں زکوٰۃ کی فرضیت عمل میں آئی اور صدقات وخیرات کی ترغیب دی گئی، جس سے لوگوں میں ہمدردی وغمخواری کے جذبات پروان چڑھتے ہیں اور معاشرہ امن وسکون کا گہوارہ بنا رہتا ہے۔ جبکہ سود لینے والے کے اندر خود غرضی وانانیت پیدا ہوتی ہے، چنانچہ وہ اپنی ذات کے علاوہ کسی اور کی فکر نہیں کرتا، اسی طرح سود معاشرے کے افراد میں عداوت ودشمنی پیدا کرتا ہے، جس سے معاشرے میں فساد و بگاڑ جنم لیتا ہے جبکہ اسلام باہم میل محبت اور اتفاق واتحاد پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اسی وجہ سے قرآن وحدیث میں سود کی اس قدر سخت مذمت بیان کی گئی ہے کہ جسے سن کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ چنانچہ اللہ اور اسکے رسول نے سودخور سے جنگ کا اعلان کیا ہے "اگر تم سودخوری سے باز نہیں آتے تو اللہ اور اسکے رسول کی جانب سے تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے"۔ سودخور سود کی رقم استعمال کرکے گویا اپنی ماں سے زنا کا ارتکاب کرتا ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "سود کے تہتر دروازے ہیں ان کا سب سے ہلکا گناہ یہ ہے کہ جیسے کوئی آدمی اپنی ماں کے ساتھ نکاح کرے۔" (حاکم) اور مسند احمد کی روایت میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: "سود کا ایک درہم جسے ایک آدمی جانتے بوجھتے کھاتا ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک 36 زنا سے بھی بدتر ہے۔" حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "معراج کی رات میرا گزر ایک ایسی قوم کے پاس سے ہوا جن کے پیٹ گھر کی مانند تھے جس میں سانپ بھرے تھے اور باہر سے نظر آرہے تھے۔ میں نے جبریل امین سے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ تو جبریل نے جواب دیا: یہ سود خور لوگ ہیں۔" (احمد اور ابن ماجہ) خلاصہ یہ کہ سود ایک معاشرتی، سماجی اور دینی جرم ہے جو نہایت خطرناک ہے، لوگوں میں عداوت ودشمنی کا سبب بنتا ہے اور باہم تعاون وہمدردی کی روح کا خاتمہ کرتا ہے۔ اس لیے مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ ایسے اداروں میں کام کرنے سے پرہیز کریں جو سودی کاروبار کرتے ہیں کیونکہ حدیث میں لعنت سودی کاروبار کے گواہ اور لکھنے والے پر بھی کی گئی ہے۔ زمانہ جاہلیت میں سود کا بڑا رواج تھا۔ لوگوں کا یہ راسخ عقیدہ بن چکا تھا کہ سود کے بغیر نظام زندگی چل ہی نہیں سکتا۔ اس وقت کے لوگوں کے دلوں میں شراب، زنا، سود اور اس جیسی دیگر حرام چیزیں گھر کرگئی تھیں کہ ان لوگوں کو ان کے بغیر گزارا کرنا مشکل بلکہ ناممکن نظر آتا تھا۔ اور ایک وقت ایسا بھی آیا کہ جب اللہ نے سود کی حرمت کے متعلق احکامات نازل فرمائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ احکامات لوگوں کے سامنے کھول کھول کر بیان کیے تو یہ لوگ کہنے لگے کہ یہ سود بھی تو خرید وفروخت ہی کی طرح ہے، جس طرح ہم خرید وفروخت کے ذریعے فائدہ حاصل کرتے ہیں اسی طرح سود کا مقصد بھی فائدہ حاصل کرنا ہوتا ہے، آخر اس میں برائی ہی کیا ہے؟ یہ طرزِ عمل تو اسلام سے قبل اور اسلام کے ابتدائی دور کا تھا، لیکن آج لوگوں کا وہی عقیدہ بن چکا ہے جو زمانہ جاہلیت میں کفار ومشرکین کا تھا، آج بھی معاشرے کا رجحان اسی بات کی طرف ہے کہ سود کے بغیر تو گزارا ہی نہیں، سود کے بغیر تو نہ نظامِ معاش چل سکتا ہے اور نہ ہی نظامِ زندگی، اگر سود کو ختم کردیا تو ہم تباہی اور نقصان کی طرف چلے جائیں گی، ہمارے کاروبار بیٹھ جائیں گی، ہم اپنی ضروریات کی تکمیل بھی نہ کرسکیں گے۔ جائزہ لیں تو یہ دونوں سوچیں ایک جیسی ہی ہیں۔ اسلام اسی سوچ کو ختم کرنے کے لیے آیا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نزول اسی نظام کو ختم کرکے اللہ کا نظام نافذ کرنا تھا، بندوں کو بندوں کی غلامی سے نکال کر ایک اللہ لاشریک کی بندگی میں دینا تھا، لوگوں کو یہ دعوت دینی تھی کہ جیسے تم آپس میں تجارت کرتے ہو اسی طرح کچھ تجارت اپنے رب کے ساتھ بھی کرلو، اور وہ اللہ تمہیں اس کے بدلے ستر گنا فائدہ دے گا۔ لیکن آج اسلام کے غلبے کی چودہ صدیاں گزرنے کے بعد دوبارہ اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ لوگوں (مسلمانوں) کو ان کا بھولا ہوا سبق دوبارہ یاد کروایا جائے، ان کے کمزور ایمان کو مضبوط کرنے کے لیے ان کی تربیت کی جائے، انہیں سود کی تباہ کاریوں سے آگاہ کیا جائے، انہیں اسلام کے معاشی نظام سے متعارف کرا کے اس پر عمل کے لیے آمادہ کیا جائے۔ اس بات میں کوئی دوسری رائے نہ ہوگی کہ آج کا سود زمانہ جاہلیت کے سود کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ اور خطرناک شکلوں میں موجود ہے اور مسلسل بڑھتا جارہا ہے، لیکن اس ناسور اور تباہی و بربادی کی طرف لے جانے والے عمل سے روکنے کے لیے اس قدر کوششیں نہیں کی گئیں جتنی کہ ضرورت ہے۔ اب یہ ہر فرد کا انفرادی معاملہ بن چکا ہے کہ وہ خود اپنے آپ کو سود سے بچائے جیسا کہ فحش پروگرامات کے متعلق پاکستان کے ایک سابق صدر کہہ گئے تھے کہ جسے یہ چیز نہیں دیکھنی وہ اپنی آنکھیں بند کرلے۔ سود کے لیے قرآن مجید نے ربا کا لفظ استعمال کیا ہے جس کے لغوی معنی بڑھوتری یا چڑھنے کے ہیں۔ بیہقی کی ایک روایت سے سود کی تعریف معلوم ہوئی ہے کہ ہر وہ قرض جس سے نفع اٹھایا جائے وہ ربا (سود) ہے۔ قتادہؒ کہتے ہیں کہ جاہلیت کا سود یہ تھا کہ ایک شخص، دوسرے شخص کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کرتا اور ادائے قیمت کے لیے ایک وقتِ مقررہ تک مہلت دیتا، اگر وہ مدت گزر جاتی اور قیمت ادا نہ ہوتی تو پھر وہ مزید مہلت دیتا، اگر وہ مدت بھی گزر جاتی اور قیمت ادا نہ ہوتی تو پھر وہ مزید مہلت دیتا اور قیمت میں اضافہ کردیتا۔ مجاہد کہتے ہیں: جاہلیت کا سود یہ تھا کہ ایک شخص کسی سے قرض لیتا اور کہتا کہ اگر تو مجھے اتنی مہلت دے تو میں اتنا زیادہ دوں گا۔ (ابن جریر، جلد سوم، صفحہ 62) ابوبکر جصاص کی تحقیق یہ ہے کہ اہلِ جاہلیت ایک دوسرے سے قرض لیتے تو باہم یہ طے ہوجاتا کہ اتنی مدت میں اتنی رقم اصل راس المال سے زیادہ ادا کی جائے گی۔ (احکام القرآن جلد اول) امام رازیؒ کی تحقیق میں اہلِ جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ وہ ایک شخص کو معین مدت کے لیے روپیہ دیتے اور اس سے ماہ بہ ماہ ایک مقررہ رقم سود کے طور پر وصول کرتے رہتے۔ جب وہ مدت ختم ہوجاتی تو مدیون سے راس المال کا مطالبہ کیا جاتا۔ اگر وہ ادا نہ کرسکتا تو پھر ایک مزید مدت کے لیے مہلت دی جاتی اور سود میں اضافہ کردیا جاتا۔ (تفسیر کبیر، جلد دوم، صفحہ 351) کاروبار کی یہ صورتیں عرب میں رائج تھیں، انہی کو اہلِ عرب اپنی زبان میں ربا کہتے ہیں، اور یہی وہ چیز تھی جس کی تحریم کا حکم قرآن مجید میں نازل ہوا۔ (تفہیم الاحادیث، جلد ہفتم) بعض فقہا نے سود کی تعریف اس طرح کی ہے: لین دین کے معاملے میں ایسا مالی اضافہ جس کا دوسرے فریق کی طرف سے کوئی عوض نہ ہو ربا کہلاتا ہے۔ سود کی حرمت کی شدت کو دیکھتے ہوئے صحابہ کرامؓ سود کے معاملے میں انتہا درجے کی احتیاط کرتے تھے۔ مقروض کا ہدیہ تک قبول کرنے اور ان سے کوئی چیز عاریت لینے سے بھی اجتناب کرتے تھے کہ کہیں اس کا تعلق بھی سود سے نہ ہو۔ حضرت انسؓ سے مروی ہے: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو قرض دے اور مقروض اسے کوئی طشت (تھال) بھیجے یا اپنی سواری پر سوار کرے تو اسے قبول نہ کرے اور سوار نہ ہو، ہاں اگر وہ پہلے بھی ایسا معاملہ کرتے رہے ہوں تو کوئی حرج نہیں۔ (ابن ماجہ) بنیادی طور پر سود دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک یہ کہ دو ایسی چیزیں جو ہم جنس ہوں اور قدر بھی ایک ہو، ایسی چیزوں کی برابر اور نقد خرید وفروخت کرنا ضروری ہے، اگر کسی طرف سے بھی کمی یا زیادتی ہو تو یہ سود ہے اور اس قسم کے سود کو ربا تفاضل کہتے ہیں۔ اور اگر ایک طرف نقد اور دوسری طرف ادھار ہو تو یہ بھی سود ہے۔ اس کو اصطلاحاً ربا نسیئہ کہتے ہیں۔ اگر اشیاء کی جنس مختلف ہوں اور قدر بھی الگ الگ ہو، تو کمی وبیشی اور نقد و ادھار دونوں صورتیں جائز ہیں۔ جیسے سونا، چاندی یا اس کے قائم مقام روپے پیسے کے عوض تیل خریدنا کہ سونا، چاندی وزنی (قدر) ہے اور تیل کیلی یعنی ناپنا (قدر) مختلف ہے اور دونوں کی جنس کا مختلف ہونا بھی ظاہر ہے، اس لیے ان دونوں کے باہمی تبادلہ میں کمی بیشی اور نقد وادھار دونوں ہی صورتیں جائز ہیں۔ مثلاً ایک سیب کی دو سیب کے بدلے خرید وفروخت ہوسکتی ہے اگرچہ کمی کرکے ہی ہو۔ اگر جنس ایک ہو، مگر قدر جداگانہ، یا قدر ایک ہو مگر جنس جداگانہ .... جیسے سونا اور چاندی یا جوار اور گیہوں .... تو ان کی باہم خرید وفروخت کم و بیش کے ساتھ ہوسکتی ہے، یعنی تفاضل جائز ہے۔ مگر ایک طرف سے نقد اور دوسری طرف سے ادھار کی گنجائش نہیں۔ گویا نساء (ادھار) درست نہیں ہے۔ (قاموس الفقہ از مولانا خالد سیف اللہ رحمانی) مولانا مودودی ربا الفضل کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ربا الفضل اس زیادتی کو کہتے ہیں جو ایک ہی جنس کی دو چیزوں کے دست بدست لین دین میں ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حرام قرار دیا ہے، کیونکہ اس سے زیادتی کا دروازہ کھلتا ہے اور انسان میں وہ ذہنیت پرورش پاتی ہے جس کا آخری ثمرہ سودخواری ہے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی اس مصلحت کو اس حدیث میں بیان فرمادیا ہے جس کو ابوسعید خدریؓ نے بدیں الفاظ کیا ہے کہ: ایک درہم کو دو درہموں کے عوض فروخت نہ کرو کیونکہ مجھے خوف ہے کہ کہیں تم سودخواری میں مبتلا نہ ہوجاؤ۔ (تفہیم الاحادیث) مولانا مودودی سود کے مضمون کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: (1) یہ ظاہر ہے کہ ایک ہی جنس کی دو چیزوں کو بدلنے کی ضرورت صرف اسی صورت میں پیش آتی ہے جبکہ اتحادِ جنس کے باوجود ان کی نوعیتیں مختلف ہوں۔ مثلاً چاول اور گیہوں کی ایک قسم اور دوسری قسم، عمدہ سونا اور گھٹیا سونا، یا معدنی نمک اور سمندری نمک وغیرہ۔ ان مختلف اقسام کی ہم جنس چیزوں کو ایک دوسرے کے ساتھ بدلنا، اگرچہ بازار کے نرخ ہی کو ملحوظ رکھ کر ہو۔ بہرحال ان میں کمی بیشی کے ساتھ مبادلہ کرنے سے اس ذہنیت کے پرورش پانے کا اندیشہ ہے جو بالآخر سودخوری اور ناجائز منافع اندوزی تک جا پہنچتی ہے۔ اس لیے شریعت نے قاعدہ مقرر کردیا کہ ہم جنس اشیا کے مبادلہ کی اگر ضرورت پیش آئے تو لازماً حسب ذیل دو شکلوں میں سے ہی کوئی ایک شکل اختیار کرنی ہوگی۔ ایک یہ کہ ان کے درمیان قدر و قیمت کا جو تھوڑا سا فرق ہو اسے نظر انداز کرکے برابر برابر مبادلہ کرلیا جائے۔ دوسرے یہ کہ چیز کا چیز سے براہ راست مبادلہ کرنے کے بجائے ایک شخص اپنی چیز روپے کے عوض بازار کے بھاؤ بیچ دے اور دوسرے شخص سے اس کی چیز روپے کے عوض بازار کے بھاؤ خرید لے۔ (2) جیسا کہ ہم بیان کرچکے ہیں، قدیم زمانے میں تمام سکے خالص چاندی سونے کے ہوتے تھے۔ اور ان کی قیمت دراصل ان کی چاندی اور ان کے سونے کی قیمت ہوتی تھی۔ اس زمانے میں درہم کو درہم سے اور دینار کو دینار سے بدلنے کی ضرورت ایسے مواقع پر پیش آتی تھی جبکہ مثلاً کسی شخص کو عراقی درہم کے عوض رومی درہم درکار ہوتی، یا رومی دینار کے بدلے ایرانی دینار کی حاجت ہوتی۔ ایسی ضرورتوں کے مواقع پر یہودی ساہوکار اور دوسرے ناجائز نفع کمانے والے لوگ کچھ اسی طرح کا ناجائز منافع وصول کرتے تھے، جیسا موجودہ زمانے میں بیرونی سکوں کے مبادلہ پر بٹاون لی جاتی ہی، یا اندرون ملک میں روپیہ کی ریزگاری مانگنے والوں، یا دس اور پانچ روپے کے نوٹ بھنانے والوں سے کچھ پیسے یا آنے وصول کرلیے جاتے ہیں۔ یہ چیز بھی چونکہ سودخورانہ ذہنیت ہی کی طرف لے جانے والی ہے اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دے دیا کہ نہ تو چاندی کا مبادلہ چاندی سے اور سونے کا تبادلہ سونے سے کمی بیشی کے ساتھ کرنا جائز ہے اور نہ ایک درہم کو دو درہم کے عوض بیچنا درست ہے۔ (3) ہم جنس اشیا کے درمیان مبادلہ کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ ایک شخص کے پاس ایک چیز خام شکل میں ہو، اور دوسرے کے پاس اسی جنس سے بنی ہوئی کوئی شے ہو۔ اور دونوں آپس میں ان کا مبادلہ کرنا چاہیں۔ اس صورت میں دیکھا جائے گا کہ آیا صنعت نے اس شے کی ماہیت بالکل ہی تبدیل کردی ہے، یا اس کے اندر صنعت کے تصرف کے باوجود ابتدائی خام صورت کی بہ نسبت کوئی بڑا فرق واقع نہیں ہوا۔ پہلی صورت میں تو کمی بیشی کے ساتھ مبادلہ ہوسکتا ہے، لیکن دوسری صورت میں شریعت کا منشا یہ ہے کہ یا تو سرے سے مبادلہ ہی نہ ہو، یا اگر ہو تو برابری کے ساتھ ہو تاکہ زیادہ ستانی کے مرض کو غذا نہ مل سکے۔ مثال کے طور پر ایک تو وہ عظیم الشان تغیرات ہیں جو روئی سے کپڑا اور لوہے سے انجن بننے کی صورت میں رونما ہوتے ہیں، اور دوسرے وہ خفیف تغیرات ہیں جو سونے سے ایک چوڑی یا کنگن بنائے جانے کی صورت میں ہوتے ہیں۔ ان میں سے پہلی صورت میں تو کوئی مضائقہ نہیں اگر ہم زیادہ مقدار میں روئی دے کر کم مقدار میں کپڑا اور بہت سے وزن کا خام لوہا دے کر تھوڑے سے وزن کا ایک انجن خرید لیں۔ لیکن دوسری صورت میں یا تو سونے کے کنگن کا مبادلہ ہم وزن سونے ہی سے کرنا ہوگا، یا پھر سونے کو بازار میں بیچ کر اس کی قیمت کے کنگن خریدنے پڑیں گے۔ (4) مختلف اجناس کی چیزوں کا باہم مبادلہ کمی بیشی کے ساتھ ہوسکتا ہے، مگر شرط یہ ہے کہ معاملہ دست بدست ہوجائے۔ اس شرط کی وجہ یہ ہے کہ دست بدست جو لین دین ہوگا وہ تو لامحالہ بازار کے نرخوں ہی پر ہوگا، مثلاً جو شخص چاندی دے کر سونا لے گا وہ نقد کی صورت میں سونے کے بالمقابل اتنی ہی چاندی دے گا جتنی اسے بازار کے بھاؤ کے لحاظ سے دینی چاہیے۔ لیکن قرض کی صورت میں کمی بیشی کا معاملہ اس اندیشے سے خالی نہیں ہوسکتا کہ اس کے اندر سود کا غبار شامل ہوجائے۔ مثال کے طور پر جو شخص آج 80 تولہ چاندی دے کر یہ طے کرتا ہے کہ ایک مہینہ بعد وہ 80 تولہ چاندی کے بجائے 2 تولہ سونا لے گا، اس کے پاس درحقیقت یہ معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ ایک مہینہ بعد 40 تولہ چاندی ایک تولہ سونے کے برابر ہوگی۔ لہٰذا اس نے چاندی اور سونے کے درمیان مبادلے کی اس نسبت کا جو پیشگی تعین کرلیا، یہ بہرحال ایک طرح کی سود خورانہ اور قمار بازانہ ذہنیت کا نتیجہ ہے، اور قرض لینے والے نے جو اسے قبول کیا تو اس نے بھی گویا جوا کھیلا کہ شاید ایک مہینہ بعد سونے اور چاندی کی باہمی نسبت 40 : 1 کے بجائے 35 : 1 ہو۔ (یہاں کسی کو یہ شبہ نہ ہو کہ اس طرح تو پھر سنار کا سارا کاروبار بند ہوجائے گا، کیونکہ اسے سونے کی بنی ہوئی چیزیں ہم وزن سونے کے عوض فروخت کرنی ہوں گی اور وہ اپنی صنعت کی کوئی اجرت نہ لے سکے گا۔ یہ شبہ اس لیے غلط ہے کہ سنار سے دراصل ہم مبادلہ کا معاملہ نہیں کرتے ہیں، بلکہ اپنا سونا دے کر اس سے اپنے مطلب کی کوئی چیز بنواتے ہیں۔ لہٰذا وہ اسی طرح اپنے عمل کی اجرت لینے کا حق دار ہے جس طرح ایک درزی یا ایک نانبائی۔ البتہ اگر ہم کسی زیور فروش سے سونے کا بنا ہوا کوئی زیور خریدیں تو یقیناً اسے قیمت میں زیادہ سونا دینا جائز نہ ہوگا، بلکہ ہمیں لازماً اسے چاندی یا کاغذ کے سکے ہی میں قیمت دینی ہوگی)۔ اسی بنا پر شارع نے یہ قانون مقرر کیا ہے کہ مختلف اجناس کا مبادلہ کمی بیشی کے ساتھ کرنا ہو تو وہ صرف دست بدست ہی ہوسکتا ہے۔ رہا قرض، تو وہ لازماً دو طریقوں میں سے کسی ایک طریقے پر ہونا چاہیے۔ یا تو جو چیز جتنی مقدار میں قرض دی گئی ہے، وہی چیز اسی مقدار میں واپس قبول کی جائے۔ یا پھر معاملہ اجناس اور اشیا کی شکل میں طے کرنے کے بجائے روپے کی شکل میں طے کیا جائے۔ مثلاً یہ کہ آج زید نے بکر سے 80 روپے یا 80 روپے کے گیہوں قرض لیے اور ایک مہینہ بعد وہ بکر کو 80 روپے یا 80 روپے کے جو واپس دے گا۔ اس قانون کو ایوداود کی اس روایت میں بالکل واضح طور پر بیان کیا گیا ہے: اور کوئی مضائقہ نہیں اگر سونے کو چاندی کے عوض بیچا جائے اور چاندی زیادہ ہو، بشرطیکہ معاملہ دست بدست ہوجائے۔ رہا قرض، تو وہ جائز نہیں ہے اور کوئی مضائقہ نہیں اگر گیہوں کو جو کے عوض بیچا جائے اور جو زیادہ ہوں بشرطیکہ معاملہ دست بدست ہوجائے۔ رہا قرض تو وہ جائز نہیں ہے۔ (تفہیم الاحادیث، جلد ہفتم)

حافظ کریم اللہ چشتی

توبہ... اللہ کی قربت کا باعث

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ (پارہ ۲۵ رکوع ۴)

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ (اے محبوب ﷺ) فرمادیجیے اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہوجانا بیشک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف فرمادے گا بیشک وہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ (پارہ ۲۴ رکوع ۳)

اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت نے توبہ کرنے کی فضیلت کو بیان فرمایا اور یہ فرمایا جو مجھ سے معافی مانگے میں اسکے گناہ معاف فرمادیتا ہوں اور تم جو کچھ کرتے ہو میں دیکھ رہا ہوں۔

ہمارے آقا کی اس دنیا پر تشریف آوری سے پہلے بنی اسرائیل کے لوگوں کے لئے بڑے سخت احکامات ہوتے تھے ان کا اگر کپڑا پلید ہوجاتا تو اس پلید جگہ کو کاٹنا پڑتا تھا۔ اگر جسم کا کوئی عضو پلید ہوجاتا تو اس عضو کو آگ سے داغا جاتا مال کا چوتھائی حصہ زکوٰۃ ادا کی جاتی۔ اگر کوئی آدمی گناہ کرتا تو اسکے ماتھے پر لکھ دیا جاتا اور اس کے گھر کی چوکھٹ پر لکھ دیا جاتا کہ اس شخص نے فلاں گناہ کیا ہے جس سے اس گناہ گار کی ذلت ورسوائی ہوتی تھی اور گناہ کی پاداش میں بطور سزا حلال اشیاء ان پر حرام کردی جاتی تھیں۔ اس بات کا قرآن پاک گواہ ہے کہ جب انہوں نے گائے کے بچھڑے کی پرستش کی تو انکی توبہ کے لئے حکم ہوا۔

ترجمہ۔ اے قوم! بے شک تم نے بچھڑے کو خدا بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا پس تمہیں چاہیے کہ توبہ کرو اپنے خالق کے حضور تو قتل کردو اپنی جانوں کو۔ انکو یہ سزا اپنے کئے ہوئے کی ملی کہ انہوں نے خود اپنے ہاتھوں سے ایک دوسرے کو قتل کیا اور بارگاہ رب العزت سے معافی مانگی۔ نبی کریم ﷺ جنکی جلوہ گری سے ہم گناہ گاروں پر اللہ تعالیٰ نے آسانیاں پیدا فرمادیں پانی کو ہمارے لئے پاک کرنیوالا بنادیا ہمیں کپڑا یا جسم پاک کرنے کے لئے اس کو کاٹنا نہیں پڑتا بلکہ اس پر پانی بہالیں تو وہ پاک ہوجاتا ہے۔ بنی اسرائیل صرف اپنی عبادت گاہوں میں ہی عبادت کرسکتے تھے ہماری لئے پوری زمین کو مسجد بنادیا گیا۔ تاکہ نبی آخرالزماں ﷺ کا امتی جہاں چاہے اپنا فریضہ نماز ادا کرلے۔ مال دار پر چوتھائی حصہ نہیں بلکہ چالیسواں حصہ زکوٰۃ واجب قرار پائی۔ پہلی امتیں تو ایک گناہ کی وجہ سے ذلیل ورسوا کردی جاتیں لیکن ہم تمام امتوں کے گناہ ایک دن میں کرتے ہیں نہ ہی ہمارے ماتھے پر لکھا جاتا ہے نہ ہی ہمارے گھر کی چوکھٹ پر نہ ہی ہماری شکلیں بدلی جاتی ہیں گناہ کے سبب حلال چیزیں حرام نہیں کی جاتی ہیں۔ یہ جتنا بھی کرم ہم پر ہوا نبیؐ کے وسیلہ سے ہوا ہے۔ پہلی امتیں گناہ کا ارتکاب کرتی تھیں تو انکی شکلیں مسخ ہوجایا کرتی تھیں۔ بنی اسرائیل نے ہفتہ کا دن جو مقدس دن تھا اسکی بے حرمتی کی تو اللہ پاک نے فرمایا۔ ترجمہ: تو ہم نے انہیں حکم دیا کہ پھٹکارے ہوئے بندر بن جاؤ"۔ کسی قوم پر بجلیاں گریں کسی قوم پر پتھروں کی بارشیں ہوئیں تیز آندھیاں چلیں جنکی وجہ سے وہ اجڑے ہوئے کھیتوں کی طرح نیست ونابود ہوگئے کسی قوم کو پانی کے عذاب نے آگھیرا جس سے وہ غرق ہوئے۔ مگر اب نبی کریم ﷺ سے لیکر قیامت تک کوئی ایسا عذاب نہیں آئے گا اس لئے نہیں آئے گا کہ اللہ رب العزت نے وعدہ قرآن پاک میں فرمادیا ہے۔

ترجمہ! اللہ پاک ان پر عذاب نہیں کریگا اور جب تک تم (اے محبوب ﷺ) ان میں تشریف فرما ہو "ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ (پارہ ۲۵ رکوع ۴)

حضور ﷺ کے طفیل اللہ تعالیٰ نے ہم گناہ گاروں کے لئے باب کرم کھول دیا ہے ہمیں پہلی قوموں کی طرح ذلیل ورسوا نہیں کیا گیا ہماری بخشش کو آسان بنادیا۔ ہم اللہ کی بارگاہ میں صدق دل سے توبہ کرلیں تو وہ ہمارے گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے۔

علماء کرام فرماتے ہیں ہر گناہ سے توبہ کرنا واجب ہے اگر گناہ کا تعلق بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہو اور کسی انسان کا حق اس سے متعلق نہ ہو تو اسکے لئے تین شرائط ہیں۔ پہلی شرط یہ ہے وہ اس گناہ سے لاتعلق ہوجائے، دوسری شرط یہ ہے کہ وہ اسکے ارتکاب پر نادم ہو، تیسری شرط یہ ہے وہ اس بات کا پختہ ارادہ کرے کہ دوبارہ کبھی اس گناہ کا ارتکاب نہیں کرے گا اگر ان تین میں سے کوئی ایک بھی شرط موجود نہ ہوئی تو توبہ درست نہیں ہوگی اگر گناہ کا تعلق کسی آدمی کے ساتھ ہو تو اسکی شرائط چار ہوں گی ان (مذکورہ بالا) تین شرائط (کے ہمراہ چوتھی شرط یہ ہے) کہ آدمی اس حقدار کے حق سے بری الذمہ ہو یعنی اگر مال وغیرہ تھا تو اسے وہ واپس کردے اور اگر حد قذف وغیرہ کا معاملہ ہو تو اپنے آپکو اسکے حوالے کرے یا اس سے معافی مانگے اور اگر غیبت ہو تو اسے بھی معاف کرائے۔ تمام گناہوں سے توبہ کرنا واجب ہے اگر کوئی شخص بعض گناہوں سے توبہ کرلیتا ہے تو اہل حق کے نزدیک ان مخصوص گناہوں سے اسکی توبہ درست ہوگی اور باقی (گناہوں سے توبہ کرنا) اسکے ذمے باقی رہ جائے گا۔ سیدنا حضرت ابوالعباس عبداللہ ابن عباس بن عبدالمطلب ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "بے شک اللہ تعالیٰ نے نیکیاں اور گناہ تحریر فرمادیئے ہیں اور پھر انکو واضح کردیا ہے۔ جو شخص نیکی کا ارادہ کرے اور اس پر عمل نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے اپنے ہاں ایک پوری نیکی نوٹ کرلیتا ہے۔ پھر ارادہ کے ساتھ اگر عمل کرے تو اسے اپنے پاس سے دس گناہ سے لیکر سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی نیکیاں زیادہ لکھ لیتا ہے اور جو گناہ کا ارادہ کرے پھر گناہ نہ کرے تو اس کے لئے بھی اللہ تعالیٰ ایک پوری نیکی لکھ لیتا ہے پھر اگر گناہ کا ارادہ کرے اور پھر گناہ کر بھی لے تو اسے اللہ تعالیٰ ایک گناہ لکھ لیتا ہے۔ (بخاری، مشکوٰۃ ۲۰۷)

حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی ﷺ کا فرمان سنا کہ بے شک ہر بیماری کا علاج ہے اور گناہوں کا علاج بخشش طلب کرنا ہے

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص دن میں دو مرتبہ بخشش طلب نہیں کرتا تحقیق اُس نے اپنی جان پر ظلم کیا۔

حضرت ابوحمزہ انس بن مالک انصاریؓ جو نبی کریم ﷺ کے خادم ہیں بیان کرتے ہیں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے "اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے اس شخص سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو اپنے اونٹ کو پالے جبکہ وہ اسے ایک جنگل میں گم کرچکا ہو۔"

حضرت امام زندوستی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام ابومحمد عبداللہ بن فضل کو یہ فرماتے ہوئے سنا وہ فرماتے تھے کہ حکماء نے فرمایا کہ جس کو چار چیزیں مل جائیں وہ دوسری چار چیزوں کا مستحق بن جاتا ہے پہلی یہ کہ جس آدمی کو دعا کرنے کی توفیق مل جائے وہ دعا کے قبول ہونے سے محروم نہیں ہوتا جیسا کہ اللہ رب العزت نے فرمایا۔ "مجھ سے دعا کرو میں قبول کرونگا"۔

حضرت عامر الروحہ ؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر تھے اچانک ایک شخص آیا جس پر ایک کمبل تھا اور اسکے ہاتھ میں کوئی چیز تھی جس پر کمبل لپیٹا ہوا تھا اس نے آکر عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں ایک جھاڑی کے پاس سے گزرا تو میں نے اس جھاڑی میں چڑیا کے بچوں کے رونے کی آواز سنی میں نے ان بچوں کو پکڑ لیا اور اپنے کمبل میں چھپالیا اتنے میں ان بچوں کی ماں آگئی وہ میرے سر پر چکر کاٹنے لگی میں نے اسکے سامنے وہ بچے کھول دیے۔ انکی والدہ ان بچوں پر گر پڑی تو میں نے ان سب کو اپنے کمبل میں لپیٹ لیا وہ سب میرے پاس ہیں آپ ﷺ نے فرمایا تم انہیں زمین پر رکھ دو میں نے انہیں رکھ دیا تو انکی ماں ان بچوں سے چمٹی رہی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم ان چوزوں کی ماں کی اپنے بچوں سے اس قدر محبت پر تعجب کرتے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی جس نے حق کے ساتھ (محمد ﷺ کو) مبعوث فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ مہربان ہے جتنی بچوں کی ماں چوزوں پر مہربان ہے"۔ اسکے بعد آقا نے اس صحابی سے فرمایا کہ جاؤ جس مقام سے لاؤ ہو وہیں پر انکو چھوڑ کر آؤ۔ (ابوداؤد، مشکوٰۃ)

معارف القرآن

ترجمہ "بے شک نماز روکتی ہے بے حیائی اور ناشائستہ حرکتوں سے"

تفسیر: بے شک نماز ایسی ہی بڑی دول

مرکز جامعہ ریاض الجنہ دیپالپور میں متحدہ علماء فورم کے زیر اہتمام ہونے والے بنیان مرصوص سیمینار سے حافظ محمد شعبان صدیقی، مولانا حسان صدیقی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ملکی استحکام کیلئے فوج کا مضبوط ہونا ازحد ضروری ہے، حافظ شعبان صدیقی

معرکہ حق بنیان مرصوص میں فتح عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافے کا سبب بنا

اوکاڑہ، دیپالپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر، نمائندہ خصوصی سٹی رپورٹر) معرکہ حق بنیان مرصوص میں فتح عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافے کا سبب بنا، ایئر مارشل سید عاصم منیر پاکستان کی تاریخ کے عظیم سپہ سالار ثابت ہوئے افواج کیساتھ یکجہتی درحقیقت پاکستان کے دفاع، سلامتی و استحکام سے یکجہتی ہے کسی بھی مملکت کی مضبوطی کیلئے ملکی فوج کا مضبوط ہونا ازحد ضروری ہے اظہار کی تکلیف نے پاکستان کا مورال پوری دنیا میں بلند کیا اور ارض حرمین شریفین کا محافظ ہونا بھی پاکستان کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے ان خیالات کا اظہار مرکز جامعہ ریاض الجنہ دیپالپور میں متحدہ علماء فورم کے زیر اہتمام ہونے والے بنیان مرصوص سیمینار سے داعی امن الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی، چیئرمین متحدہ علماء فورم و ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی، بزرگ عالم دین قاری سلطان ضیاء، مولانا محمد اعظم، قاری محمد یوسف، مولانا ضیاء القاسمی، مولانا امین ضیاء، قاری ریاض اللہ، قاری عبدالرؤف و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا شیخ اور لیس کی شہادت پاکستان اور دیانتی اداروں کے بیانیے کی تائید میں کی گئی مکنہ الخوارج سمیت تمام دشمنان وطن کا خاتمہ ضروری ہے اس موقع پر چوہدری محمد اشفاق، مظہر عباس چوہدری، محمد قاسم علی اور چوہدری نیاز احمد سانو نے کہا کہ الحاج حافظ شعبان صدیقی، صاحبزادہ مولانا حسان صدیقی سمیت تمام منتظمین جامعہ ریاض الجنہ کے مشکور و ممنون ہیں کہ یہاں سے ہمیشہ اتفاق و اتحاد، ملی دفاع و سلامتی سمیت محبتیں اور ملنے ملانے کی آواز بلند ہوئی ہے۔

شرقپور شریف: ڈیٹاورکس کے مالک سید حسنین کا مفت کورسز کرانے کا اعلان

کورس سے نوجوان فائدہ جدید ٹیکنالوجی سے متعلق اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرسکیں گے

شرقپور شریف، (مظفر علی، حافظ زکریا امتیاز) پاکستان کے مستقبل کے لئے مصنوعی ذہانت اور سافٹ ویئر انجینئرنگ نہایت اہم شعبہ بن چکا ہے دنیا بھر کے ممالک ان شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے تیزی سے کام کر رہے ہیں جبکہ پاکستان بھی اس میدان میں آگے بڑھنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہا ہے اس مقصد کے تحت Datavrex کے مالک سید حسنین طاہر شیرازی نے نوجوانوں کے لیے کاروباری ذہانت ڈیٹا سائنس اور اے آئی (Artificial Intelligence) کے مفت آن لائن کورسز کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام سے مختلف عمر کے نوجوان فائدہ حاصل کرسکیں گے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرسکیں گے۔ ابتدائی طور پر یہ کلاسز مختلف جامعات میں منعقد کی جارہی تھیں تاہم اب انہیں آن لائن منتقل کیا جارہا ہے تاکہ ملک بھر سے زیادہ سے زیادہ افراد ان کورسز سے مستفید ہوسکیں۔ یہ قدم پاکستان میں ٹیکنالوجی کے فروغ اور نوجوانوں کو مستقبل کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنے کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔

تجاوزات کی خلاف ورزی ہرگز قبول نہیں، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ

دکاندار فوری طور پر تجاوزات ختم اور سرکاری جگہوں پر قبضہ کرنے سے گریز کریں، ڈاکٹر ندا

ننکانہ (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ کا ننکانہ کا دورہ، لمحہ ٹائل منصوبے کا جائزہ لیا، تجاوزات پر دکانداروں کو وارننگ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال نے ننکانہ بازار کا دورہ کرتے ہوئے جاری لمحہ ٹائل منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا اور تعمیراتی کام کی رفتار و معیار کو چیک کیا۔ اس موقع پر بازار میں ناجائز تجاوزات کا بھی معائنہ کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ندا اقبال نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر تجاوزات ختم کریں اور سرکاری جگہوں پر قبضہ کرنے سے گریز کریں انہوں نے واضح کیا کہ تجاوزات کی خلاف ورزی ہرگز قبول نہیں ہوگی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی دورے کے دوران سید مدثر رضا بھی اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ موجود تھے، جبکہ متعلقہ عملے کو بازار کی بہتری اور عوامی سہولت کے لیے اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔

وہاڑی، فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، ساڑھے 4 من مضر صحت گوشت تلف

برآمد شدہ گوشت انتہائی سخت، سیاہ اور خشک حالت میں تھا ڈاکٹر نے انسانی صحت کیلئے ناقابل استعمال قرار دیا

وہاڑی (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائی، شہریوں کو مضر صحت گوشت کھانے سے بچالیا گیا، ساڑھے 4 من مضر صحت گوشت تلف، ملزمان کیخلاف ایف آئی آر درج کرادی گئی تفصیلات کے مطابق سرکلر روڈ میلسی میں لوڈر رکشہ کو روک کر چیکنگ کی گئی تو ساڑھے 4 من بدبودار اور گلا سڑا گوشت برآمد ہوا جسے تلف کردیا گیا جبکہ ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کرادی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق لوڈر رکشہ بھی پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا۔ برآمد شدہ گوشت انتہائی سخت، سیاہ اور خشک حالت میں تھا جبکہ ویٹرنری ڈاکٹر نے اسے انسانی صحت کیلئے ناقابل استعمال قرار دیا۔ مزید بتایا گیا کہ یہ مضر صحت گوشت مختلف قصابوں اور ہوٹلوں کو سپلائی کیا جاتا تھا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ بیمار اور مردہ جانوروں کا گوشت فروخت کرنے والے معاشرے کیلئے ناسور ہیں اور ایسے عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

کاموکے رہنما جماعت اسلامی سراج الحق تقریب میں گفتگو کر رہے ہیں

ننکانہ صاحب، سوئی گیس بحران شدت اختیار کر گیا، صارفین پریشان

سوئی گیس کی لائنوں سے گیس کی بجائے گندا پانی نکلنے کی شکایات بھی سامنے آنے لگیں

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ننکانہ صاحب شہر میں سوئی گیس بحران شدت اختیار کر گیا، بعض علاقوں میں گیس لائنوں سے گندا پانی نکلنے کی شکایات ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں، ہاؤسنگ، محلہ عثمانی کھوہ، گول چکر، محلہ مالجی، محلہ کیارہ صاحب، ڈی پی ایس اور اندرون شہر کے متعدد مقامات پر سوئی گیس کی بندش اور کم پریشر کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے، جس کے باعث شہری کئی روز سے شدید مشکلات کا شکار ہیں صبح و شام اور دوپہر کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی معمول بن چکی ہے، جس سے گھریلو نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شہری روزمرہ امور متاثر ہونے کی شکایت کر رہے ہیں۔ سوئی گیس کی لائنوں سے گیس کی بجائے گندا پانی نکلنے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں۔

ستھرا پنجاب مہم کے تحت شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جارہا ہے، ڈی سی گوجرانوالہ

ریڑھی بانوں کو دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی تلقین، پیرا فورس کو متحرک رہنے کی ہدایت

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس ایجنڈے کے تحت ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، سیوریج سسٹم کے جاری منصوبوں اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں و سٹاک کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے فیروز والہ کے دورے کے دوران صفائی امور کا معائنہ کیا اور صفائی ورکرز کو مرکزی شاہراہوں سمیت گلی محلوں کی مکمل صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ "ستھرا پنجاب، صاف ستھرا گوجرانوالہ" مہم کے تحت شہر بھر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ بائی پاس روڈ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں رتہ جمال سے پتھر والی پل روڈ تک قائم تجاوزات اور ریڑھیاں ہٹا کر روڈ ڈیوائیڈر سے پیچھے منتقل کردی گئیں تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ریڑھی بانوں کو دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی تلقین کی جبکہ پیرا فورس کو علاقے میں متحرک رہنے کے احکامات جاری کیے وزیراعلیٰ پنجاب کے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہر میں سیوریج سسٹم کی اپگریڈیشن کے میگا پراجیکٹس پر کام بھی تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے رتہ جمال میں زیر تعمیر ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا۔

پریس کلب عارفوالا کے زیر اہتمام بنیان المرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر ریلی

قوم افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی معترف اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کے زیر اہتمام صدر چوہدری حامی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کی قیادت میں انتظام پاکستان بسلسلہ "آپریشن بنیان المرصوص" کا ایک سال مکمل ہونے پر معرکہ حق ریلی کا انعقاد پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ سے جناح چوک تک کیا گیا ریلی کے شرکاء سے صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، ڈی ایس پی ملک اکبر، جنرل مین سہیل رضا ڈوگر ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری جاوید رضا ڈوگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ ایمانی کے اظہار کا دن ہے، پاک فوج نے ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنا دیا ہے قوم افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی معترف ہے اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں معرکہ حق بنیان مرصوص قومی دفاع کا ایک ایسا روشن باب ہمیشہ تاریخ ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھے گی انہوں نے مزید کہا کہ معرکہ حق بنیان مرصوص پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم کارنامہ ہے جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس دن نیشنل اتحاد، جرات، حب الوطنی اور دفاعی استحکام کو نئی قوت بخشی جبکہ بھارت کا ناقابل تسخیر ہونے کا گھمنڈ دنیا کے فضاؤں میں بکھرے ہوئے دیکھا بنیان مرصوص میں پاکستانی فضائیہ کا کردار سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا اور پاکستانی عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ریلی میں پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں سمیت قومی امن کمیٹی، وکلاء، کمیونٹی، سکول، کالجز کے طلبہ و دیگر شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرتے ہوئے افواج پاکستان کیساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور بھارت کو میدان شکست سیدو چار کرنیوالے غازیوں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔

نکی مروت دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں، غلام علی نقشبندی

پولیس اہلکاروں اور بے گناہ شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے

کاموکے (نامہ نگار) نکی مروت کے سرائے نورنگ بازار میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں، پولیس اہلکاروں اور بے گناہ شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سماجی رہنما حاجی غلام علی نقشبندی نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک میں بدامنی اور خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں مگر قوم کے حوصلے بلند ہیں اور ایسے بزدلانہ حملے پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور دیگر متعلقہ سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کیلئے غیر متزلزل عزم کے ساتھ بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی شعور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ ملک میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔

پاکستان کا ایٹمی نظام ملکی سلامتی کے تحفظ کی ضمانت ہے: امجد نذیر بٹ

بھارت نے پہلگام واقعہ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کی نااہلی تسلیم کے بجائے پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگائے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی و امیدوار پی پی 141 امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کا ایٹمی نظام ملکی سلامتی کے تحفظ کی ضمانت ہے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت وطن عزیز کے دفاع کیلئے آخری حد تک جانے کا حق رکھتی ہے، سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی اور پاکستان کے نہتے شہریوں پر حملہ آور ہونے والے بھارت کو آپریشن بنیان المرصوص کے ذریعے بھرپور جواب دیا گیا جس نے بھارتی حکمرانوں کو سیز فائر کی اپیل کرنے پر مجبور کیا بھارت نے پہلگام واقعہ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کی نااہلی تسلیم کرنے کی بجائے پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگائے مگر پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے غیر جانبدارانہ عالمی تحقیقات کی آفر کی جسے تسلیم کرنے کی بجائے بھارت نے طاقت کا استعمال کرنے کی غلطی کی جس کا خمیازہ اسے بھگتنا پڑا۔

ملکی استحکام کیلئے فوج کا مضبوط ہونا ازحد ضروری ہے، حافظ شعبان صدیقی

معرکہ حق بنیان مرصوص میں فتح عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافے کا سبب بنا

اوکاڑہ، دیپالپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر، نمائندہ خصوصی سٹی رپورٹر) معرکہ حق بنیان مرصوص میں فتح عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافے کا سبب بنا، ایئر مارشل سید عاصم منیر پاکستان کی تاریخ کے عظیم سپہ سالار ثابت ہوئے افواج کیساتھ یکجہتی درحقیقت پاکستان کے دفاع، سلامتی و استحکام سے یکجہتی ہے کسی بھی مملکت کی مضبوطی کیلئے ملکی فوج کا مضبوط ہونا ازحد ضروری ہے اظہار کی تکلیف نے پاکستان کا مورال پوری دنیا میں بلند کیا اور ارض حرمین شریفین کا محافظ ہونا بھی پاکستان کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے ان خیالات کا اظہار مرکز جامعہ ریاض الجنہ دیپالپور میں متحدہ علماء فورم کے زیر اہتمام ہونے والے بنیان مرصوص سیمینار سے داعی امن الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی، چیئرمین متحدہ علماء فورم و ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی، بزرگ عالم دین قاری سلطان ضیاء، مولانا محمد اعظم، قاری محمد یوسف، مولانا ضیاء القاسمی، مولانا امین ضیاء، قاری ریاض اللہ، قاری عبدالرؤف و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا شیخ اور لیس کی شہادت پاکستان اور دیانتی اداروں کے بیانیے کی تائید میں کی گئی مکنہ الخوارج سمیت تمام دشمنان وطن کا خاتمہ ضروری ہے اس موقع پر چوہدری محمد اشفاق، مظہر عباس چوہدری، محمد قاسم علی اور چوہدری نیاز احمد سانو نے کہا کہ الحاج حافظ شعبان صدیقی، صاحبزادہ مولانا حسان صدیقی سمیت تمام منتظمین جامعہ ریاض الجنہ کے مشکور و ممنون ہیں کہ یہاں سے ہمیشہ اتفاق و اتحاد، ملی دفاع و سلامتی سمیت محبتیں اور ملنے ملانے کی آواز بلند ہوئی ہے۔

شرقپور شریف: ڈیٹاورکس کے مالک سید حسنین کا مفت کورسز کرانے کا اعلان

کورس سے نوجوان فائدہ جدید ٹیکنالوجی سے متعلق اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرسکیں گے

شرقپور شریف، (مظفر علی، حافظ زکریا امتیاز) پاکستان کے مستقبل کے لئے مصنوعی ذہانت اور سافٹ ویئر انجینئرنگ نہایت اہم شعبہ بن چکا ہے دنیا بھر کے ممالک ان شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے تیزی سے کام کر رہے ہیں جبکہ پاکستان بھی اس میدان میں آگے بڑھنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہا ہے اس مقصد کے تحت Datavrex کے مالک سید حسنین طاہر شیرازی نے نوجوانوں کے لیے کاروباری ذہانت ڈیٹا سائنس اور اے آئی (Artificial Intelligence) کے مفت آن لائن کورسز کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام سے مختلف عمر کے نوجوان فائدہ حاصل کرسکیں گے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرسکیں گے۔ ابتدائی طور پر یہ کلاسز مختلف جامعات میں منعقد کی جارہی تھیں تاہم اب انہیں آن لائن منتقل کیا جارہا ہے تاکہ ملک بھر سے زیادہ سے زیادہ افراد ان کورسز سے مستفید ہوسکیں۔ یہ قدم پاکستان میں ٹیکنالوجی کے فروغ اور نوجوانوں کو مستقبل کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنے کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔

نکانہ صاحب، سوئی گیس بحران شدت اختیار کر گیا، صارفین پریشان

سوئی گیس کی لائنوں سے گیس کی بجائے گندا پانی نکلنے کی شکایات بھی سامنے آنے لگیں

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ننکانہ صاحب شہر میں سوئی گیس بحران شدت اختیار کر گیا، بعض علاقوں میں گیس لائنوں سے گندا پانی نکلنے کی شکایات ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں، ہاؤسنگ، محلہ عثمانی کھوہ، گول چکر، محلہ مالجی، محلہ کیارہ صاحب، ڈی پی ایس اور اندرون شہر کے متعدد مقامات پر سوئی گیس کی بندش اور کم پریشر کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے، جس کے باعث شہری کئی روز سے شدید مشکلات کا شکار ہیں صبح و شام اور دوپہر کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی معمول بن چکی ہے، جس سے گھریلو نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شہری روزمرہ امور متاثر ہونے کی شکایت کر رہے ہیں۔ سوئی گیس کی لائنوں سے گیس کی بجائے گندا پانی نکلنے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں۔

ستھرا پنجاب مہم کے تحت شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جارہا ہے، ڈی سی گوجرانوالہ

ریڑھی بانوں کو دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی تلقین، پیرا فورس کو متحرک رہنے کی ہدایت

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس ایجنڈے کے تحت ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، سیوریج سسٹم کے جاری منصوبوں اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں و سٹاک کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے فیروز والہ کے دورے کے دوران صفائی امور کا معائنہ کیا اور صفائی ورکرز کو مرکزی شاہراہوں سمیت گلی محلوں کی مکمل صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ "ستھرا پنجاب، صاف ستھرا گوجرانوالہ" مہم کے تحت شہر بھر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ بائی پاس روڈ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں رتہ جمال سے پتھر والی پل روڈ تک قائم تجاوزات اور ریڑھیاں ہٹا کر روڈ ڈیوائیڈر سے پیچھے منتقل کردی گئیں تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ریڑھی بانوں کو دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی تلقین کی جبکہ پیرا فورس کو علاقے میں متحرک رہنے کے احکامات جاری کیے وزیراعلیٰ پنجاب کے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہر میں سیوریج سسٹم کی اپگریڈیشن کے میگا پراجیکٹس پر کام بھی تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے رتہ جمال میں زیر تعمیر ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا۔

پریس کلب عارفوالا کے زیر اہتمام بنیان المرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر ریلی

قوم افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی معترف اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کے زیر اہتمام صدر چوہدری حامی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کی قیادت میں انتظام پاکستان بسلسلہ "آپریشن بنیان المرصوص" کا ایک سال مکمل ہونے پر معرکہ حق ریلی کا انعقاد پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ سے جناح چوک تک کیا گیا ریلی کے شرکاء سے صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، ڈی ایس پی ملک اکبر، جنرل مین سہیل رضا ڈوگر ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری جاوید رضا ڈوگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ ایمانی کے اظہار کا دن ہے، پاک فوج نے ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنا دیا ہے قوم افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی معترف ہے اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں معرکہ حق بنیان مرصوص قومی دفاع کا ایک ایسا روشن باب ہمیشہ تاریخ ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھے گی انہوں نے مزید کہا کہ معرکہ حق بنیان مرصوص پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم کارنامہ ہے جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس دن نیشنل اتحاد، جرات، حب الوطنی اور دفاعی استحکام کو نئی قوت بخشی جبکہ بھارت کا ناقابل تسخیر ہونے کا گھمنڈ دنیا کے فضاؤں میں بکھرے ہوئے دیکھا بنیان مرصوص میں پاکستانی فضائیہ کا کردار سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا اور پاکستانی عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ریلی میں پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں سمیت قومی امن کمیٹی، وکلاء، کمیونٹی، سکول، کالجز کے طلبہ و دیگر شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرتے ہوئے افواج پاکستان کیساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور بھارت کو میدان شکست سیدو چار کرنیوالے غازیوں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔

شہر کو تجاوزات سے پاک بنایا جائے گا، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں

چونیاں (تحصیل رپورٹر) کلین گرین کمپن مہم کے حوالے سے آج اسسٹنٹ کمشنر چونیاں مس سدرہ ستار سے چوہدری حامی اقبال جاوید، چوہدری جاوید اقبال نمبردار اور راشد الحروف چوہدری اختر ضیاء کی انتہائی خوشگوار اور مثبت ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر محترمہ مس سدرہ ستار کو چونیاں میں بطور اسسٹنٹ کمشنر تعیناتی پر کمپن پھولوں کی دھرتی کی جانب سے خوبصورت پھول پیش کئے گئے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات کے دوران کمپن مہم کو درپیش اہم عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

مزارات اولیاء اللہ توحید باری، روحانیت کے عظیم حقیقی مراکز ہیں: زاہد حبیب

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری نے وفد کے ہمراہ آستانہ عالیہ کیلیانوالہ شریف پر حاضری دی اور سجادہ نشین صاحبزادہ پیر سید علی سجاد حیدر شاہ بخاری سے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد زاہد حبیب قادری نے کہا کہ مزارات اولیاء اللہ توحید باری تعالیٰ اور روحانیت کے عظیم حقیقی مراکز ہیں، ان ہستیوں نے ہمیشہ قرآن و سنت، معرفت، طریقت، صبر و تحمل اور برداشت کا درس دیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کی دلچسپی سے سبزی و فوٹ منڈی کی اپ گریڈیشن کا منصوبہ شروع

سرگودھا (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کی ذاتی دلچسپی سے مرکزی سبزی و فروٹ منڈی کی بہتری اور اپ گریڈیشن کیلئے جامع ترقیاتی منصوبے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ 1996 میں قائم ہونے والی یہ مارکیٹ تین دہائیوں سے زائد عرصہ گزرنے کے باعث جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ منصوبے کے تحت منڈی کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے، صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے، نکاسی آب کی سہولیات کی بہتری، ٹریفک مینجمنٹ، پارکنگ انتظامات اور عوامی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا مختلف پبلک پارکس کا دورہ، تزئین و آرائش کے کاموں کا جائزہ لیا

عوام کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ مختلف پبلک پارکس کا دورہ کر رہے ہیں

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کا ننکانہ سٹی کی مختلف پبلک پارکس کا دورہ، ڈپٹی کمشنر نے پارکس میں جاری تزئین و آرائش کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے پر جاری کام کے معیار، رفتار کو بھی چیک کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کی تمام پبلک پارکس کی ازسرنو بحالی تیزی سے جاری ہے۔ پارکس میں تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو جدید تفریحی اور کھیلوں کی سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال، بی این اے، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹی کے افسران سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

جڑانوالہ: غیر قانونی رکشہ سٹینڈز کی بھرمار، ٹریفک کا نظام درہم برہم

غیر قانونی سٹینڈز کے باعث ایمبولینس، ریسکیو گاڑیوں کو بھی گزرنے میں دشواری

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: شہر بھر میں غیر قانونی چنگ چی ورکشہ اسٹینڈز کی بھرمار، بازاروں اور شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام درہم برہم، شہری شدید مشکلات کا شکار جڑانوالہ: ٹریفک پولیس کی توجہ غیر قانونی اسٹینڈز ختم کرانے کے بجائے صرف دفتر کے سامنے ناکہ بندیوں تک محدود، غریب محنت کش موٹر سائیکل سواروں کے چالان جاری جڑانوالہ: شہر کے اہم چوک، بازار اور سڑکیں چنگ چی رکشہ مافیا کے قبضے میں، ٹریفک جام معمول بن گیا، شہریوں نے فوری کارروائی کا مطالبہ کر دیا جڑانوالہ: غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز کے باعث شہریوں کو پیدل چلنا بھی دشوار ہو گیا۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد نوید شہر میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

شہریوں سے ڈاکو لاکھوں نقدی و قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار، پولیس غائب

ظہیر گھر جا رہا تھا کہ راستے میں ڈاکوؤں نے روکر 1 لاکھ 25 ہزار چھین لیا

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں کے دوران نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکو شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی اور قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق پہلا واقعہ گذشتہ روز دن دیہاڑے سانگلہ کے قریب جان قادر طرخ کے ساتھ بم بالہ لنک روڈ پر پیش آیا، جہاں نواحی گاؤں 55 بریج کا رہائشی ظہیر عباس موٹر سائیکل پر سانگلہ بل سے اپنے گھر جا رہا تھا کہ اسی دوران دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوؤں نے اسے گن پوائنٹ پر روک لیا اور اس سے 1 لاکھ 25 ہزار رو

سپورٹس ڈیسک

پی ایچ ایف کا جولائی میں منعقدہ نیشنل ویمنز چیمپئن شپ کے فوراً بعد پاکستان ویمنز نیشنل ہاکی ڈویلپمنٹ پلان کا اعلان

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پی ایچ ایف نے جولائی میں منعقدہ نیشنل ویمنز چیمپئن شپ کے فوراً بعد پاکستان ویمنز نیشنل ہاکی ڈویلپمنٹ پلان کا اعلان کر دیا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے صوبائی ایسوسی ایشنز کے اشتراک سے جولائی 2026 میں شیڈول نیشنل گرلز ہاکی چیمپئن شپ کے فوری بعد خواتین کی ہاکی کے لیے ایک منظم قومی ترقیاتی پلان کا اعلان کیا ہے، یہ چیمپئن شپ باصلاحیت کھلاڑیوں کی تلاش کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی، جس کا مقصد جدید اور میرٹ پر مبنی خطوط پر قومی خواتین ہاکی پروگرام کو مضبوط اور وسیع کرنا ہے۔قومی سلیکشن اور ہائی پرفارمنس کیمپ چیمپئن شپ کے اختتام پر نیشنل سلیکشن کمیٹی بہترین کارکردگی، فٹنس اور صلاحیت کی بنیاد پر 30 سے 40 نمایاں کھلاڑیوں کے پول کا انتخاب کرے گی۔ ان کھلاڑیوں کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والے سینٹرلائزڈ ہائی پرفارمنس ٹریننگ کیمپ میں مدعو کیا جائے گا۔کیمپ کے دوران ایک منظم کوچنگ سسٹم کے تحت جدید تکنیکی تربیت، ٹیکٹیکل ڈیولپمنٹ، جسمانی فٹنس اور ذہنی مضبوطی کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔تربیتی مرحلے کے بعد، 15 سے 18 کھلاڑیوں پر مشتمل حتمی کور نیشنل اسکواڈ تشکیل دیا جائے گا۔ یہ اسکواڈ آنے والی بین الاقوامی مصروفیات اور دوستانہ میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرے گا۔ایشیائی سطح پر ٹیم کی مسابقت کو مضبوط بنانے کے لیے فیڈریشن سرگرمی سے بین الاقوامی دوستانہ میچز اور ٹورز کا انتظام کر رہی ہے۔اس روڈ میپ میں علاقائی ہاکی ممالک کے ساتھ روابط اور بین الاقوامی تربیتی کیمپوں میں شرکت بھی شامل ہے۔پاکستان ہاکی فیڈریشن نے درج ذیل اقدامات کے ذریعے کھلاڑیوں کی پرفارمنس کے مطابق تعداد بڑھانے اور نئے ٹیلنٹ کو آگے لانے اہمیت پر زور دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

جمہوریہ چیک اور جنوبی کوریا کے پلیئرز میں گیند پر قبضے کی کشمکش، کورین ٹیم نے خسارے میں جانے کے باوجود مقابلہ 1-2 سے اپنے نام کر لیا

فیفا ورلڈ کپ، امریکا کا شاندار آغاز، پیراگوئے کو 1-4 سے ہرا دیا

لاس اینجلس (سپورٹس نیوز) فیفا فٹبال ورلڈ کپ 2026 کے میزبان ممالک میں شامل امریکا نے اپنے میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پیراگوئے کو 1 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دیدی ہے۔گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں امریکی ٹیم نے آغاز ہی سے جارحانہ کھیل پیش کیا اور پہلے ہاف میں تین گول اسکور کر کے حریف ٹیم پر اپنی برتری قائم کی۔امریکا نے دوسرے ہاف میں بھی عمدہ کھیل کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ایک مزید گول کیا اور مجموعی برتری 4-0 تک پہنچادی۔پیراگوئے کی ٹیم میچ میں زیادہ مزاحمت نہ کر سکی تاہم اس نے دوسرے ہاف میں ایک گول اسکور کر کے خسارہ کچھ کم کیا، میچ کے اختتام پر امریکا نے پیراگوئے کو 1-4 سے شکست دے کر اہم کامیابی اپنے نام کی۔دوسری جانب میچ کے آغاز سے قبل لاس اینجلس میں فیفا فٹبال ورلڈ کپ 2026 کی تیسری رنگا رنگ افتتاحی تقریب بھی منعقد کی گئی جس میں شائقین فٹبال کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب میں مختلف ثقافتی اور تفریحی پروگرام پیش کیے گئے جنہیں شائقین فٹ بال نے بھرپور انداز میں سراہا۔اس سے قبل فٹبال کے سب سے بڑے عالمی میلے کی سب سے پہلے میکسیکو میں رنگا رنگ افتتاحی تقریب منعقد ہوئی تھی۔اس تقریب میں فٹبال اسٹیڈیم میں شکیرا اور برنا بوائے کی دھماکے دار پرفارمنس نے دنیا بھر میں شائقین فٹ بال کو جھومنے پر مجبور کر دیا تھا۔مختلف ثقافتی اور تفریحی پروگرام پیش کیے گئے جنہیں شائقین فٹ بال نے بھرپور انداز میں سراہا۔اس سے قبل فٹبال کے سب سے بڑے عالمی میلے کی سب سے پہلے میکسیکو میں رنگا رنگ افتتاحی تقریب منعقد ہوئی تھی۔اس تقریب میں فٹبال اسٹیڈیم میں شکیرا اور برنا بوائے کی دھماکے دار پرفارمنس نے دنیا بھر میں شائقین فٹ بال کو جھومنے پر مجبور کر دیا تھا۔

ویسھو سوریا ونشی، ویرات کوہلی اور سچن ٹنڈولکر کے ریکارڈز توڑ سکتے، ڈیل اسٹین

جنوبی افریقا میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، بہترین ٹیلنٹ سامنے آرہا ہے، گفتگو

پیٹرز برگ (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقا کے سابق فاسٹ بولر ڈیل اسٹین نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت کے نوجوان اوپنر ویسھو سوریا ونشی، ویرات کوہلی اور سچن ٹنڈولکر کے ریکارڈز توڑ سکتے ہیں۔ایس اے 20 کے پانچویں سیزن سے قبل گفتگو کرتے ہوئے سابق جنوبی افریقی فاسٹ بولر ڈیل اسٹین نے کہا کہ ویسھو سوریا ونشی ابھی سے ہی عالمی سطح پر سب سے نمایاں ہیں، آپ سچن اور ویرات جیسے عظیم کھلاڑیوں کے بارے میں بات کرتے ہیں تاہم یہ بچہ اپنے کیریئر کے اختتام پر ان دونوں سے بھی بڑا نام بنے گا۔انہوں نے کہا کہ میرا نہیں خیال کہ اس وقت جنوبی افریقا میں کوئی سوریا ونشی جیسا حیرت انگیز کھلاڑی ہے جو 14 یا 15 سال کا ہو اور اگر کوئی ہے بھی تو میں اس سے واقف نہیں ہوں۔ڈیل اسٹین نے کہا کہ جنوبی افریقا میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، بہترین ٹیلنٹ سامنے آرہا ہے

اسکول سرکٹ سے بہترین انڈر 19 اور انڈر 15 کھلاڑی سامنے آرہے ہیں لیکن اس کے باوجود ویسھو سوریا ونشی کی بات ہی الگ ہے۔

فیفا ورلڈ کپ پاکستان میں تیار کردہ چارج ایبل ''ٹرائی اونڈا'' فٹبال توجہ کا مرکز بن گیا

جدید سینسرز نصب ہونے کے باعث ہر میچ سے قبل گیند کو چارج کرنا ضروری ہوگا، رپورٹ

میکسیکو (سپورٹس نیوز) فیفا ورلڈ کپ پاکستان میں تیار کردہ چارج ایبل ''ٹرائی اونڈا'' فٹبال توجہ کا مرکز بن گیا۔تفصیلات کے مطابق فیفا ورلڈ کپ 2026 میں استعمال ہونے والی آفیشل میچ بال جدید ترین ٹریکنگ ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے جس کے باعث ہر میچ سے قبل اسے چارج کرنا ضروری ہوگا، اس نئی گیند میں ایک خصوصی سینسر نصب کیا گیا ہے جو کھیل کے دوران گیند کی ہر حرکت، اس کے مقام اور کھلاڑیوں کے ساتھ ہونے والے ہر رابطے کا ریکارڈ حقیقی وقت میں محفوظ کرے گا۔رپورٹ کے مطابق یہ جدید نظام اسٹیڈیم میں نصب 12 ہائی ٹیک کیمروں کے ساتھ منسلک ہوگا جو گیند اور کھلاڑیوں سے متعلق ڈیٹا فی سیکنڈ 50 مرتبہ جمع کریں گے۔حاصل ہونے والی معلومات وی اے آر حکام کو آف سائیڈ اور گول لائن سے متعلق فیصلوں میں مزید درستگی فراہم کرنے میں مدد دیں گی جس سے متنازع فیصلوں کے امکانات کم ہو جائیں گے۔رپورٹس کے مطابق 2022 ورلڈ کپ میں استعمال ہونے والی گیند کے مقابلے میں اس بار سینسر کو گیند کے ایک پینل کے اندر براہِ راست نصب کیا گیا ہے۔جدید ٹیکنالوجی کے باوجود گیند کا وزن تقریباً وہی رکھا گیا ہے اور کھلاڑی کھیل کے دوران اس سینسر کی موجودگی کو محسوس نہیں کر سکیں گے۔ماہرین نے کہا کہ یہ جدت فٹبال میں ٹیکنالوجی کے استعمال کو ایک نئی سطح پر لے جائے گی۔واضح رہے کہ جرمن کمپنی ایڈیڈاس کی ڈیزائن کردہ یہ فٹبال سیالکوٹ میں واقع ''فیوچر اسپورٹ'' نامی پاکستانی کمپنی تیار کرتی ہے۔اس فٹبال کو ''ٹرائی اونڈا'' کا نام دیا گیا ہے۔لفظ ''ٹرائی اونڈا'' 'دو الفاظ ''ٹرائی'' (تین) اور اسپینش لفظ ''اونڈا'' (لہر) کو ملا کر بنایا گیا ہے۔بال میں سرخ، نیلا اور سبز رنگ نمایاں ہے جن کے ساتھ ہر میزبان ملک کا علامتی نشان شامل ہے۔کینیڈا کی نمائندگی کے لیے میپل کے پتے، میکسیکو کیلئے عقاب اور امریکا کیلئے ستارے کا نشان ہے جبکہ بال پر موجود پیٹرن اتحاد کی علامت ہے۔یہ پاکستانی کمپنی اس سے قبل 2014، 2018 اور 2022 کے فیفا ورلڈ کپ میں استعمال ہونے والی فٹبالز بھی بنا چکی ہے۔

صاحبزادہ فرحان پی ایس ایل میں آئے پرفارم کیا، قومی ٹیم میں آگئے' خوشدل شاہ

صاحبزادہ فرحان ڈومیسٹک میں پرفارم کررہے تھے تو کوئی ان کا نام نہیں لے رہا تھا، انٹرویو

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے آل راؤنڈر خوشدل شاہ نے کہا ہے کہ صاحبزادہ فرحان ڈومیسٹک میں پرفارم کررہے تھے تو کوئی ان کا نام نہیں لے رہا تھا۔ایک انٹرویو میں آل راؤنڈر خوشدل شاہ نے کہا کہ پہلے کہا جارہا تھا کہ صاحبزادہ فرحان ڈومیسٹک میں پرفارم کرکے ٹیم میں آئے ہیں تاہم وہ ڈومیسٹک میں چار، پانچ سال سے ٹاپ کررہے تھے تو کوئی بھی نام نہیں لے رہا تھا۔انہوں نے کہا کہ صاحبزادہ فرحان جب پی ایس ایل میں آئے پرفارم کیا تو قومی ٹیم میں آگئے۔



فیفا ورلڈ کپ 2026 کا ڈرامائی آغاز

3 ریڈ کارڈ کا منفرد ریکارڈ قائم ہوگئے

میکسیکو (سپورٹس نیوز) فیفا ورلڈ کپ 2026 کا آغاز ہی غیر معمولی انداز میں ہوا جہاں افتتاحی میچ نے شائقین کو محظوظ کیا اور فٹبال تاریخ میں ایک نیا اور منفرد باب بھی رقم کر دیا۔میکسیکو کے تاریخی اسٹیڈیم اسٹیڈیا آزٹیکا میں کھیلے گئے افتتاحی مقابلے میں میزبان میکسیکو نے جنوبی افریقا کو 0-2 سے شکست دے کر شاندار آغاز کیا تاہم اس میچ کی اصل توجہ اسکور سے زیادہ میدان میں پیش آنے والے واقعات پر رہی۔میچ کے دوران ریفری نے غیر معمولی سخت فیصلے کرتے ہوئے مجموعی طور پر تین ریڈ کارڈز دکھائے جن میں جنوبی افریقا کے دو اور میکسیکو کا ایک کھلاڑی شامل تھا۔یہ پہلا موقع ہے کہ ورلڈ کپ کی تاریخ میں افتتاحی میچ میں اتنی بڑی تعداد میں ریڈ کارڈز سامنے آئے۔دلچسپ امر یہ ہے کہ فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں اس سے قبل صرف چند ہی مواقع پر ایک میچ میں تین یا اس سے زائد ریڈ کارڈز دکھائے گئے جبکہ 2006 کے ایڈیشن میں پرتگال اور نیدرلینڈز کے مقابلے میں ریکارڈ چار ریڈ کارڈز سامنے آئے تھے۔

ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، انگلینڈ نے سری لنکا کو ہرا دیا

ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کی بیٹرز وقفے وقفے سے پویلین جاتی رہیں

برمنگھم (سپورٹس نیوز) ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے افتتاحی میچ میں میزبان انگلینڈ نے سری لنکا کو شکست دے دی، میچ میں انگلینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ایک وکٹ پر 219 رنز اسکور کئے، ویاٹ ہوج نے 105 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔برمنگھم میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے پہلے بیٹنگ کی، اوپنر ایمی جونز اور ڈینی ویاٹ ہوج نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 135 رنز کی بنیاد رکھی، ایمی جونز 53 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔دوسری وکٹ پر ڈینی ویاٹ اور کپتان نیٹ شوائر برنٹ نے حریف بولرز کی ایک نہ چلنے دی اور میدان کے چاروں جانب اسٹروکس کھیلے، خاص طور پر ڈینی ویاٹ نے جارحانہ انداز میں کھیلتے ہوئے 61 گیندوں پر سنچری مکمل کی، وہ 62 گیندوں کا سامنا کرنے کے بعد 13 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 105 رنز پر ناٹ آؤٹ رہیں، نیٹ شوائر نے 46 رنز بنائے۔انگلینڈ کا اسکور 1 وکٹ پر 219 رنز رہا، ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کی بیٹرز وقفے وقفے سے پویلین جاتی رہیں،

شوبز ڈیسک

عاصم اظہر نے رجب بٹ تنازع پر خاموشی توڑ دی، وضاحت جاری

مداح میرے نئے گانوں اور میٹھے آموں سے لطف اندوز ہوتے رہیں، معروف گلوکار

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف گلوکار عاصم اظہر نے اپنے نئے گانے تو ہے وہی دل نے جسے اپنا کہا کے کوررژن پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا انفلوئنسر رجب بٹ کی حمایت کے بعد پیدا ہونے والے تنازع پر وضاحت پیش کر دی۔تفصیلات کے مطابق عاصم اظہر کے گانے کو سوشل میڈیا پر ملے جلے ردعمل کا سامنا کرنا پڑا ہے، جہاں متعدد صارفین نے گانے پر تنقید کی ہے اور دعویٰ کیا کہ انہوں نے کلاسک گیت کو خراب کر دیا۔بعد ازاں رجب بٹ نے عاصم اظہر کے گانے کی حمایت میں ایک لپ سنک ویڈیو شیئر کی، جس پر عاصم اظہر نے ان کا شکریہ ادا کیا، تاہم رجب بٹ کی حمایت قبول کرنے پر گلوکار کو مزید تنقید کا سامنا کرنا پڑا اور سوشل میڈیا صارفین نے اس فیصلے کو نامناسب قرار دیا۔بڑھتی ہوئی تنقید کے بعد عاصم اظہر نے انسٹاگرام پر وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی کا شکریہ ادا کرنا اور محبت کا اظہار کرنا اس بات کی عکاسی نہیں کرتا کہ میری سوچ اور اقدار بھی وہی ہیں، میں اپنے مداحوں اور سپورٹرز کے تحفظات کو سمجھتا ہوں اور ان سے اتفاق کرتا ہوں، لیکن میرا مقصد صرف محبت کا جواب محبت سے دینا تھا، معاملہ اتنا گہرا نہیں تھا۔انہوں نے مزاحیہ انداز میں لکھا کہ مداح میرے نئے گانوں اور میٹھے آموں سے لطف اندوز ہوتے رہیں۔عاصم اظہر کی وضاحت کے باوجود سوشل میڈیا پر بحث جاری ہے، بعض مداحوں نے کہا ہے کہ گلوکار کو رجب بٹ کی حمایت حاصل نہیں کرنی چاہیے تھی، جبکہ رجب بٹ کے حامی عاصم اظہر پر تنقید کر رہے ہیں کہ انہوں نے عوامی ردعمل کے بعد خود کو رجب بٹ سے دور کر لیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معروف اداکار ظاہر شاہ کو مداحوں سے بچھڑے 9 برس بیت گئے

منفرد اداکار ظاہر شاہ نے اپنے کیریئر میں 600 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے

لاہو (این این آئی) لالی وڈ کے معروف اداکار ظاہر شاہ کو مداحوں سے بچھڑے 9 برس بیت گئے۔ظاہر شاہ نے بطور ولن کئی فلموں میں اداکاری کی، وہ چند فلموں میں بطور ہیرو بھی جلوہ گر ہوئے، اداکار ظاہر شاہ 1947 میں سرگودھا میں پیدا ہوئے، ہدایت کار الطاف حسین نے اپنی فلم یاری دوستی میں اداکار ظاہر شاہ کو متعارف کروایا تھا۔منفرد اداکار ظاہر شاہ نے اپنے کیریئر میں 600 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے، ظاہر شاہ نے سلطان راہی کے ساتھ لاتعداد فلموں میں بطور ولن کردار نبھائے، ان کی یادگار فلموں میں محلے خان، اقبالِ جرم، مسٹر افلاطون، دوستی تے دشمنی، راکا، بھریا میلہ، زباٹا اور سائرن شامل ہیں۔ظاہر شاہ چند فلموں میں بطور ہیرو بھی جلوہ گر ہوئے جن میں ریمانڈ، یاری دوستی اور قسم خون دی نمایاں ہیں، اداکار ظاہر شاہ 4 دہائیوں سے زائد عرصہ تک فلمی صنعت سے وابستہ رہے۔فلمی دنیا کا یہ چمکتا ستارہ 13 جون 2017 کو لاہور میں دل کا دورہ پڑنے سے مداحوں کی نظروں سے ہمیشہ کیلئے اوجھل ہوگیا، ظاہر شاہ سرگودھا میں آسودہ خاک ہیں۔

لاکھوں فالوورز اچھے اداکار کا متبادل نہیں ہو سکتے، ثانیہ سعید

پروڈکشن کی وجہ سے مقروض ہوگئی ہوں، قرضہ اترے گا تو پروڈکشن کا کام پھر سے شروع کروں گی، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) تھیٹر، ٹیلی ویژن اور فلموں کی اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا ہے کہ لاکھوں فالوورز اچھے اداکار کا متبادل نہیں ہو سکتے، پروڈکشن کی وجہ سے مقروض ہوگئی ہوں، قرضہ اترے گا تو پروڈکشن کا کام پھر سے شروع کروں گی۔ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سینئر اداکارہ نے کہا کہ میرے نانا جیل میں ہوتے تو نانی گھر کا نظام چلاتی تھیں، میری والدہ کو بھی نانی نے پڑھایا، فلمیں بننا شروع ہوگئیں، لیکن لگائیں گے کہاں؟ ملک میں سینما گھر تو موجود ہی نہیں ہیں۔انھوں نے کہا کہ آج بھی کرائے کے گھر میں رہتی ہوں، شہزاد رائے بہت اچھا سماجی کام کر رہے ہیں۔ثانیہ سعید نے کہا کہ پاکستان میں آزاد فلم سازی کو زیادہ سپورٹ دینے کی ضرورت ہے اور ایسے بیانیے سامنے لانے چاہئیں جو معاشرے کی حقیقی عکاسی کریں، نہ کہ صرف تجارتی کامیابی کے پیچھے بھاگیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی سینما کا مستقبل اس بات پر منحصر ہے کہ وہ کتنا متنوع اور سماجی طور پر متعلقہ مواد پیش کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد اور غیر روایتی فلمیں آج بھی کئی مشکلات کا شکار ہیں، خاص طور پر ڈسٹری بیوشن اور اسکریننگ تک رسائی کے حوالے سے۔ان کے مطابق اکثر اہم فلمیں مالی اور ادارہ جاتی سپورٹ نہ ہونے کے باعث محدود رہ جاتی ہیں۔"فلموں کی پروڈکشن اور پروموشن کے روایتی طریقے ہر پروجیکٹ پر لاگو نہیں کیے جا سکتے۔"انہوں نے کہا کہ بہت سی اہم فلمیں ذاتی جذبے اور قربانی سے بنتی ہیں کیونکہ ڈسٹری بیوٹرز اور سینما مالکان ان میں سرمایہ کاری نہیں کرتے۔ثانیہ سعید نے کہا کہ شہروں کی شناخت صرف انفراسٹرکچر سے نہیں بلکہ وہاں کی ثقافت، فن اور کہانیوں سے بھی بنتی ہے۔ان کے مطابق سینما معاشرتی حقیقتوں کو ریکارڈ کرنے اور مکالمہ پیدا کرنے کا ایک طاقتور ذریعہ ہے، انہوں نے بتایا کہ تعلیم کے دوران شدید دباؤ اور پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑا، تاہم وقت کے ساتھ انہوں نے اپنی الگ شناخت بنانے کی کوشش کی۔انڈسٹری میں عمر کے حوالے سے امتیاز پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسئلہ سینئر اداکاروں کا نہیں بلکہ کہانیوں کے محدود ہونے کا ہے۔اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہر عمر کی کہانیاں اب اسکرین پر نہیں دکھائی جاتیں۔ثانیہ کا کہنا تھا کہ جب انڈسٹری مکمل طور پر کمرشل ہو جاتی ہے تو اس کی ترجیحات بدل جاتی ہیں۔انہوں نے سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثرات پر بھی بات کی اور کہا کہ آج کل کاسٹنگ میں فالوورز کو بھی اہمیت دی جاتی ہے، تاہم مقبولیت اداکاری کا متبادل نہیں ہو سکتی، کیمرہ بہت سچا اور سخت ذریعہ ہے، انہوں نے کہا کہ لاکھوں فالوورز اچھے اداکار کا متبادل نہیں ہو سکتے۔

پاکستان کے نامور ٹیلی ویژن کمپیئر اور اداکار طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے گی

حکومتِ پاکستان کی طرف سے طارق عزیز کو 1992 میں حسن کارکردگی کے تمغے سے بھی نوازا گیا

لاہو (این این آئی) پاکستان کے نامور ٹیلی ویژن کمپیئر اور اداکار طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے گی۔ طارق عزیز 28 اپریل 1936 کو ہندوستان (برصغیر) کے شہر جالندھر میں پیدا ہوئے، ان کے والد میاں عبدالعزیز 1947 میں پاکستان ہجرت کر کے آئے، طارق عزیز نے اپنا بچپن ساہیوال میں گزارا، انہوں نے ابتدائی تعلیم ساہیوال سے حاصل کی۔بعد ازاں انہوں نے ریڈیو پاکستان لاہور سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا۔جب 1964 میں پاکستان ٹیلی وژن کا قیام عمل میں آیا تو طارق عزیز پی ٹی وی کے سب سے پہلے مرد اناؤنسر تھے، تاہم 1975 میں شروع کیے جانے والے ان کے سٹیج شو نیلام گھر نے ان کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا، یہ پروگرام کئی سال تک جاری رہا اور اسے بعد میں بزمِ طارق عزیز شو کا نام دے دیا گیا۔انہوں نے ریڈیو اور ٹی وی کے پروگراموں کے علاوہ فلموں میں بھی اداکاری کی۔انہوں نے 1967 میں پہلی فلم انسانیت میں کام کیا اور ان کی دیگر مشہور فلموں میں سالگرہ، قسم اس وقت کی، کٹاری، چراغ کہاں روشنی کہاں، ہار گیا انسان قابل ذکر ہیں، انہیں ان کی فنی خدمات پر متعدد ایوارڈز سے نوازا گیا۔حکومتِ پاکستان کی طرف سے طارق عزیز کو 1992 میں حسن کارکردگی کے تمغے سے بھی نوازا گیا۔طارق عزیز 17 جون 2020 کو انتقال کر گئے۔

دباؤ اور دھمکیوں سے نہیں ڈریں گے: مومنہ اقبال

کسی بھی دباؤ یا دھمکی کے آگے جھکنے والے نہیں اور اپنے مقف پر ڈٹے رہیں گے

لاہور (شوبز ڈیسک) معروف اداکارہ مومنہ اقبال نے کہا ہے کہ وہ اور ان کا خاندان کسی بھی دباؤ یا دھمکی کے آگے جھکنے والے نہیں اور اپنے مقف پر ڈٹے رہیں گے۔مومنہ اقبال نے انسٹاگرام پر اپنی بہن رمشا اقبال کی میڈیا سے گفتگو شیئر کرتے ہوئے ایک جذباتی پیغام میں لکھا کہ اب وہ صرف اپنے ذاتی معاملے کے لیے آواز نہیں اٹھا رہیں بلکہ ہر اس شخص کے لیے کھڑی ہیں جو ایسے حالات کا سامنا کرتا ہے۔بعض حلقوں کی جانب سے مختلف طریقوں سے دبا ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم وہ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گی۔ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ انتہائی تکلیف دہ اور مشکل مرحلہ ہے، لیکن اس کے باوجود انہیں خاموش نہیں کرایا جا سکتا۔اپنے بیان میں مومنہ اقبال نے کسی کا نام لیے بغیر الزام عائد کیا کہ حقیقت کا سامنا کرنے کے بجائے پیسے دے کر مہمات چلائی جا رہی ہیں اور سوشل میڈیا پر مواد بنا کر معاملے کا رخ موڑنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ جھوٹے قانونی اقدامات اور بے بنیاد کارروائیاں بند کی جائیں اور اصل حقائق پر توجہ دی جائے۔دوسری جانب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رمشا اقبال نے دعویٰ کیا کہ انہیں اور ان کی بہن کو مسلسل خوفزدہ کرنے اور دھمکیاں دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اداکارہ صبیحہ خانم کو مداحوں سے بچھڑے 6 برس بیت گئے

فلم انڈسٹری کی پہلی سپر سٹار صبیحہ خانم کا اصل نام مختار بیگم تھا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان فلم انڈسٹری کی ماضی کی معروف اداکارہ صبیحہ خانم کو مداحوں سے بچھڑے 6 برس بیت گئے۔فلم انڈسٹری کی پہلی سپر سٹار صبیحہ خانم کا اصل نام مختار بیگم تھا، وہ 1935 میں گجرات میں پیدا ہوئیں۔صبیحہ خانم نے فلمی سفر کا آغاز بیلی سے کیا پھر لالی ووڈ میں چار دہائیوں تک راج کیا، انہیں 6 بار نگار ایوارڈز کے ساتھ صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔صبیحہ خانم نے نامور اداکار سنتوش کمار کے ساتھ 47 فلموں میں کام کیا، فلم حسرت کے دوران دونوں شادی کے پاکیزہ بندھن میں بندھ گئے۔صبیحہ خانم کی کامیاب ترین فلموں میں سات لاکھ، دو آنسو، گمنام، دلا بھٹی، سرفروش، مکھڑا، دیور بھابھی، حسرت اور دامن نے انہیں پاکستان کی کامیاب ترین ہیروئن بنا دیا۔صبیحہ خانم طویل علالت کے بعد 13 جون 2020 کو خالق حقیقی سے جا ملیں۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

ہے، ورچوئل بلڈ بینک کے ذریعے ضرورت مند مریض کا رابطہ ڈونر سے ممکن ہوتا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے مطابق محفوظ خون کی فراہمی صحت کے مضبوط نظام کا ایک لازمی حصہ ہے۔

بقیہ 2

نامعلوم خاتون کے قتل کا معمہ حل کرنے پر پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق بھلوال کے قریب نہر سے ملنے والی خاتون کی شناخت نہ ہونے کے باوجود پولیس نے مسلسل محنت سے کیس ٹریس کرلیا۔ حنا پرویز بٹ نے بتایا کہ لاش نہر سے ملی، گلا تیز دھار آلے سے کاٹا گیا تھا اور موقع سے شناخت کا کوئی ثبوت موجود نہیں تھا۔ بھلوال سٹی پولیس نے نامعلوم خاتون کی شناخت کے لیے اعلانات، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور جدید ذرائع کا استعمال کیا۔ پولیس نے نادرا کی مدد اور سائنسی تفتیش کے ذریعے مقتولہ کی شناخت فریال بی بی کے نام سے یقینی بنائی۔ حنا پرویز بٹ نے بتایا کہ شناخت کے بعد پولیس نے مقتولہ کے اہل خانہ سے معلومات حاصل کیں اور شوہر احسن کو شامل تفتیش کیا، تفتیش کے دوران شوہر احسن نے اپنے بھائی فرمان کے ساتھ مل کر بیوی کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزمان نے قتل کے بعد لاش نہر میں پھینک کر جرم چھپانے کی کوشش کی، مگر پولیس نے محنت سے اصل ملزمان تک رسائی حاصل کی۔ حنا پرویز نے کہا کہ دوسری شادی کی خواہش میں بیوی کو قتل کرنا انتہائی سفاکانہ اور ناقابل برداشت جرم ہے۔ قتل کے اگلے ہی دن دوسری شادی کرنا ملزم کی سنگدلی اور بے حسی کو ظاہر کرتا ہے۔ حنا پرویز بٹ کا مزید کہنا تھا کہ مرکزی ملزم احسن اور اس کے بھائی فرمان کی گرفتاری پولیس کی اہم کامیابی ہے۔

بقیہ 3

میں حقائق کو مسخ کیا اور غلط بیانی کی۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر موصوف عطا تارڑ نے ایوان میں حقائق کو مسخ کیا اور غلط بیانی کی۔ اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے ملک میں آزاد عدلیہ اور قانون کی حکمرانی کی بات کی ہے۔ کیا آئی ایم ایف کو جو خط لکھا گیا وہ آپ نے پڑھا ہے؟

ہم نے ہمیشہ پاکستان کی بات کی، ہم نے اپنا نقطہ نظر پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئیں بحث کریں کہ ہم نے کتنا قرض لیا اور آپ نے کتنا قرض لیا۔ ایک ایسا شعبہ بتائیں جس میں آپ نے ریلیف دیا ہو۔ اسد قیصر نے کہا کہ پنجاب میں گندم کے کسانوں کا 2.2 کھرب روپے نقصان ہوا، پنجاب کے کسان کا بھرکس نکال دیا گیا۔ آپ بتائیں آپ کتنی سرمایہ کاری لے کر آئے ہیں؟ اسد قیصر نے کہا کہ 90 ملٹی نیشنل کمپنیوں نے ملک چھوڑ دیا، بے روزگاری بڑھی ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے عامر ڈوگر نے کہا کہ ہم مانتے ہیں ہر دور میں مداخلت ہوتی رہی ہے، اب وقت آگیا ہم اپنی سپیس واپس لیں اور آگے بڑھیں، ہمارے دور میں کتنے پروڈکشن ارڈر جاری ہوئے اور اس دور میں کتنے پروڈکشن ارڈر جاری ہوئے، اس کی وضاحت ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم کی حالیہ قیمتوں سے ایک غریب ادمی ذہنی مریض بن گیا ہے، 4365 ارب کی لیوی عوام کی جیبوں سے ڈاکا ڈال کر لیا گیا ہے، سیاسی استحکام سے معاشی استحکام اتا ہے پھر سرمایہ کاری اتی ہے، زراعت کو تباہی سے بچانے کے لیے حکومت سولر ٹیوب ویل لائے۔ عامر ڈوگر نے جنوبی پنجاب کے منصوبوں کے حوالے سے گلے شکوے کیے جس پر احسن اقبال نے جنوبی پنجاب کے منصوبے گنوا دیئے۔

بقیہ 4

پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی عوامی خدمت پر اعتماد کا مظہر ہے، گلگت بلتستان کے انتخابات نے ثابت کیا پاکستان پیپلز پارٹی وفاق کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ریاستی اداروں اور وفاق کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، ایٹمی پروگرام، میزائل ٹیکنالوجی اور جے ایف-17 تھنڈر جیسے قومی منصوبے پیپلز پارٹی کی قیادت کے دور میں ممکن ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لساں ٹھکرال، مانسہرہ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمانی وفد کی قیادت کرتے ہوئے عالمی سطح پر پاکستان کا مؤقف مؤثر انداز میں پیش کیا، یورپ، امریکہ اور دیگر عالمی فورمز پر پاکستان کا مقدمہ کامیابی سے پیش کیا گیا، امریکہ ایران جنگ کے دوران وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی دانشمندانہ سفارت کاری نے پاکستان کو علاقائی کشیدگی کے اثرات سے محفوظ رکھا، گورنر نے کہا کہ امریکہ ایران جنگ میں پاکستان نے عالمی سطح پر مثبت اور مؤثر ثالثی کے کردار کو اجاگر کیا ہے، صدر آصف علی زرداری، وزیر داخلہ محسن نقوی اور ڈپٹی وزیر اعظم کی سفارتی کوششیں قابل ستائش ہیں، خیبر پختونخوا میں سی این جی اسٹیشنز کو گیس کی فراہمی بحال کرانے پر وزیر اعظم کے شکر گزار ہیں، انہوں نے کہا کہ وفاق 1991 کے آبی معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا کو اس کا جائز حصہ فراہم کرے، چشمہ لفٹ کینال منصوبہ صوبے کی زرعی ترقی اور خود کفالت کے لیے ناگزیر ہے، خیبر پختونخوا حکومت نے چشمہ لفٹ کینال کے لیے اپنے حصے کے فنڈز مختص کیے ہیں، وفاق کو بھی چشمہ لفٹ کینال منصوبے کے لیے اپنا حصہ ادا کرنا چاہیے، گورنر نے کہا کہ صوبائی حکومت کو اپنے آئینی حقوق کے حصول کے لیے وفاق سے سنجیدہ اور مؤثر مذاکرات کرنے چاہئیں، گالم گلوچ نہیں بلکہ دلیل، آئین اور جمہوری طریقے سے صوبے کے حقوق حاصل کیے جا سکتے ہیں، خیبر پختونخوا کے حقوق کے لیے مناسب آئینی اور قانونی فورمز پر مؤثر آواز اٹھائی جانی چاہیے، میری درخواست پر وزیر اعظم نے شیروان انٹرچینج کے منصوبے کو رواں سال کے پی ایس ڈی پی میں شامل کیا، گورنر نے کہا کہ شیروان انٹرچینج کی تعمیر سے ہزارہ ڈویژن کے عوام کو سفری سہولیات اور معاشی فوائد حاصل ہوں گے۔ اس کے علاوہ پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ ڈویژن کے صدر ملک فاروق تنولی کی جانب سے یونین کونسل لساں ٹھکرال میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے اعزاز میں استقبالیہ کا اہتمام کیا گیا۔ استقبالیہ میں پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صوبائی صدر سید محمد علی شاہ باچا، صوبائی جنرل سیکرٹری شجاع خان، چیئرمین ہلال احمر خیبر پختونخوا فرزند علی خان وزیر، سابق صوبائی وزیر احمد حسین شاہ، ضلعی صدر ایبٹ آباد سلیم شاہ، فضل الحق خان، سمیت پارٹی کے دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پارٹی امور، عوامی مسائل اور تنظیمی سرگرمیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 5

انحصار سے معاشی خرابیاں مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بنیادی اصلاحات کے بغیر معاشی مسائل حل نہیں ہوں گے، طویل المدتی بجٹ کی منصوبہ بندی بھی اصلاحات کے بغیر موثر ثابت نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ قرضوں پر انحصار سے معاشی خرابیاں مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، موجودہ مالیاتی نظام میں بنیادی تبدیلیاں ناگزیر ہیں، معاشی بحران سے نکلنے کے لیے اصلاحات وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرضوں کے ذریعے معاملات چلانے کی پالیسی پر سوالات اٹھتے ہیں، نظام میں اصلاحات نہ ہوئیں تو مسائل میں مسلسل اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی استحکام کیلئے جامع اصلاحات ضروری ہیں، قومی معیشت کی بہتری کے لیے موثر اور دیرپا اقدامات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ حکومت کو درست فیصلوں کی توفیق دے، پاکستان کی معیشت سنگین چیلنجز سے دوچار ہے، گزشتہ چار برسوں میں قومی قرضوں میں تقریباً 40 کھرب روپے اضافہ ہوا ہے۔ مجموعی قرضے میں تقریباً 100 فیصد اضافہ تشویشناک ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ موجودہ قرضوں کا حجم گزشتہ کئی دہائیوں کے مجموعی قرضوں کے برابر پہنچ گیا ہے، وفاقی حکومت کے اخراجات کا 37 فیصد قرضوں کے سود کی ادائیگی پر خرچ ہوتا ہے، قرضوں کے سود کی مد میں بھاری ادائیگیاں قومی خزانے پر بوجھ بن گئیں۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی اور سودی ادائیگیوں کے بعد ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل محدود ہو جاتے ہیں۔ قرضوں کا بڑھتا بوجھ ترقیاتی اخراجات کو متاثر کر رہا ہے، معاشی استحکام کے لیے قرضوں پر انحصار کم کرنے کی ضرورت ہے۔ ترقیاتی کاموں کے لیے مالی گنجائش مسلسل کم ہوتی جارہی ہے۔

بقیہ 6

غربت کی تعریف کا طریقہ کار تبدیل ہونا چاہیے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں بجٹ 27-2026 پر بحث میں شرمیلا فاروقی نے کہا کہ بجٹ میں ٹیکس ادا کرنے والوں پر مزید بوجھ ڈالا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بجلی اور پیٹرول کی قیمتیں پورے خطے سے زیادہ ہیں، حیدر آباد اور سکھر موٹر وے کیلیے رقم نہ ہونے کے برابر ہے۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ خط غربت کی تعریف کا طریقہ کار تبدیل ہونا چاہیے، 8000 روپے والی خط غربت کی تعریف تبدیل ہونی چاہیے۔

بقیہ 7

ہیں اور ملک تیزی سے خطے کی ابھرتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت اور ٹیکنالوجی حب کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں آئی ٹی سی این ایشیاء 2026 جیسے بڑے بین الاقوامی ٹیکنالوجی ایونٹس کا کامیاب انعقاد ممکن ہوا جس سے عالمی سرمایہ کاروں اور ٹیکنالوجی ماہرین کی توجہ پاکستان کی جانب مبذول ہوئی۔ اسی طرح انڈس اے آئی ویک 2026 جیسے پروگراموں نے مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا جبکہ نوجوانوں کو مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرنے کے لیے وزارتِ آئی ٹی نے ''اے آئی سکیو 2026'' پروگرام بھی شروع کیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے سپرنیٹ گلوبل کی توسیع عمل میں آئی، جس کے نتیجے میں پاکستان کی ڈیجیٹل برآمدات اور زرمبادلہ کے حصول میں خاطر خواہ اضافہ متوقع ہے۔ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے ایس آئی ایف سی کی موثر حکمت عملی کے تحت ملک میں فائیو جی ایکیکزم کے آغاز کی راہ ہموار ہوئی جس سے تیز رفتار رابطوں، جدید کاروباری مواقع اور ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کا نیا دور شروع ہو گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق رواں سال پاکستان کے اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم کی مجموعی مالیت 4 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے جو 2020 کے بعد نمایاں ترقی کی عکاس ہے اور ملک میں اختراع، سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کی نشاندہی کرتی ہے۔ ماہرین کے مطابق ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور مربوط پالیسی اقدامات نے پاکستان کے آئی ٹی شعبے کو عالمی معیار، سرمایہ کاری کے مواقع اور ڈیجیٹل ترقی کے ایک مضبوط ماڈل میں تبدیل کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 8

ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب مصر کے وزیرِ خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جس میں امریکہ اور ایران کے درمیان باہمی مفاہمت کی جانب ہونے والی پیش رفت بھی شامل تھی۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماں نے امید ظاہر کی کہ یہ مثبت پیش رفت خطے میں پائیدار امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ دونوں فریقین نے باہمی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 9

توکریں، بجٹ میں غریب آدمی کے لیے کوئی ٹیکس نہیں، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کو بجٹ میں خصوصی ریلیف دیا ہے، وزیر اعظم نے ایکسپورٹرز کیلئے سپر ٹیکس کو ختم کیا، ہم ایسی معیشت بنیں گے کہ ساری دنیا دیکھے گی، کوئی بجٹ پر مثبت بات کررہا ہے، بجٹ پر تنقید اور احتجاج اپوزیشن کا حق ہے، بجٹ میں مثبت اقدامات کی تعریف ضرور ہونی چاہیے۔ اتوار کو قومی اسمبلی اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ 27۔2026ء پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ جب ہم اپوزیشن بینچوں پر تھے تب بھی ہم نے میثاق معیشت اور میثاق جمہوریت کی بات کی اور آج حکومت میں ہونے کے باوجود بھی یہی مؤقف برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوان جمہوری روایات کا امین ہے اور ہمیشہ ان روایات کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل اپوزیشن لیڈر کی تقریر کے دوران ماحول قابلِ توجہ تھا، احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور ہر دور میں اپوزیشن اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے، وقت یکساں نہیں رہتا، نشستیں بدلتی رہتی ہیں لیکن اصل فرق رویے اور نیت کا ہوتا ہے، جب ہم اپوزیشن میں تھے تو اس وقت بھی بات چیت کی پیشکش کی جاتی رہی اور آج حکومت میں ہونے کے باوجود بھی یہی پیشکش کر رہے ہیں کیونکہ جمہوری عمل میں بات چیت ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ کی نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی پذیرائی کی جارہی ہے، معاشی تجزیہ کار اس بجٹ پر مثبت بات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اپوزیشن ارکان کی جانب سے بھی مثبت تجاویز سامنے آئی ہیں جنہیں سراہا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تنقید کرنا اپوزیشن کا حق ہے تاہم مثبت اقدامات کی تعریف ضرور ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ماضی میں ایک سیاسی جماعت کے سربراہ کے بیانات ریکارڈ پر موجود ہیں کہ ملک ڈیفالٹ ہونے جارہا ہے، پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ کرے، یہ ملک ڈیفالٹ ہونے کی شرطیں لگا رہے تھے مگر اللہ رب ذوالجلال کو کچھ اور ہی منظور تھا، جب ملک کی معیشت کو کوئی ہاتھ لگانے کو تیار نہیں تھا، ایسے وقت میں شہباز شریف نے ہمت باندھی، حوصلہ پکڑا اور ریاست کی بقاء کیلئے اپنی سیاست قربان کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے یہ نعرہ لگایا کہ میں ریاست کو بچاؤں گا مجھے سیاست کی پرواہ نہیں، یہ وہ وقت تھا جب پیرس کے اندر ایک میٹنگ ہوئی اور آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات طے پائے، اگر شہباز شریف یہ انٹرفیر نہ کرتے، آئی ایم ایف کے پروگرام میں نہ جاتے تو آج یہ خوشحالی ممکن نہ ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کے مقابلے میں آج معاشی اشاریئے واضح بہتری دکھا رہے ہیں، اس وقت ڈالر کی شرح تبادلہ غیر مستحکم تھی، کاروباری طبقہ مشکلات کا شکار تھا، ایل سیز نہیں کھل رہی تھیں اور برآمدی سرگرمیاں متاثر تھی، مہنگائی 38 فیصد اور شرح سود 22 فیصد سے زیادہ تھی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہباز شریف جب اپوزیشن میں تھے تو انہوں نے اس ایوان میں کھڑے ہو کر میثاق معیشت کی بات کی تھی، کاش اس وقت آپ نے میثاق معیشت کی بات مانی ہوتی تاہم اس وقت اس پیشکش کو قبول نہیں کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہماری یادداشت بہت مختصر ہے، ہم آج کی بات کرتے ہیں لیکن ماضی کی کوئی بات نہیں کرتے، یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ان لوگوں نے آئی ایم ایف کو خط لکھے، یہ چاہتے تھے کہ ملک ڈیفالٹ کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی نے معیشت کے لئے اچھا کام کیا ہے تو ہم اس کی تعریف کریں گے لیکن یہ گوارا نہیں کہ ہم اپنی سیاست کی خاطر پاکستان کے خلاف سازشیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں نے اپنے دور میں آئی ایم ایف کو خطوط لکھے اور اس پر بیانیہ بنایا، پوری کمپین چلائی، تاریخ میں اسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کہ ایک طرف وزیر اعظم شہباز شریف پیرس میں میٹنگ کر کے معاملات جوڑ رہے تھے اور دوسری جانب یہاں سے خط لکھے جا رہے تھے کہ پاکستان کو بیل آؤٹ پیکیج نہ ملے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ معاشی استحکام ٹیم ورک کا نتیجہ ہے اس میں اداروں کی محنت شامل ہے، اس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی ٹیم کا بھی بھرپور حصہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میکرو اکنامک استحکام کے اعداد و شمار جھٹلائے نہیں جا سکتے، جی ڈی پی گروتھ جو اس وقت 2.0 فیصد تھی اب 7.3 فیصد تک پہنچ چکی ہے، فی کس آمدن 1751 ڈالر سے بڑھ کر 1901 ڈالر ہوگئی ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ اگر حکومت نے معاشی استحکام نہ دیا ہوتا تو مہنگائی 38 فیصد سے کم ہو کر سنگل ڈیجیٹ میں نہ آتی، اسی طرح شرح سود 22 فیصد سے کم ہو کر 11 فیصد پر نہ آتی۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر 17.2 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں جبکہ ترسیلات زر 33.9 ارب ڈالر ہوگئی ہیں جن میں سال بہ سال 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی برآمدات 8.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں جن میں فری لانسرز کا 995 ملین ڈالر کا حصہ بھی شامل ہے، مالی خسارہ جو 2022ء میں 8 فیصد تھا، اب 0.7 فیصد پر آگیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مجموعی طور پر میکرو اکنامک استحکام حاصل ہوا ہے اور دنیا بھی اسے تسلیم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر اصلاحات وزیر اعظم شہباز شریف کے ہوم گرون ایجنڈے کا اہم حصہ ہے جس میں سٹرکچرل ریفارمز شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ایوان میں وہ چیلنج کرتے ہیں کہ کوئی بھی کسٹمز یا انکم ٹیکس افسر کی سفارش کر کے دکھائے، ماضی کے برعکس اب سفارش کلچر ختم ہو چکا ہے، اگر کوئی سفارش کی جاتی ہے تو شام تک وہ بندہ معطل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میریٹ کو یقینی بنانے کے لئے شفاف رپورٹنگ اور ٹرانسفر پوسٹنگ کا نظام نافذ کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ٹیکس مقدمات کے نظام میں کیسز کو طول دیا جاتا، اسٹے آرڈرز کے ذریعے ریونیو کو روکا جاتا تاہم موجودہ حکومت نے اس نظام میں اصلاحات کے ذریعے شفافیت کو فروغ دیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے میرٹ پر ٹریبونل بنائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اچھے برے لوگ ہر جگہ ہوتے ہیں، اب ٹریبونل بنائے گئے ہیں جن کے چیئرمین میرٹ پر تعینات ہوئے ہیں، وکلاء کو میرٹ پر لیا گیا ہے اور اربوں روپے ریکور کئے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ شوگر، ٹوبیکو، سیمنٹ بیور یجز جیسی چند انڈسٹریاں ایسی ہیں جو حتمام ضمی منافع کمائیں انہیں کوئی پوچھتا نہیں تھا، صرف شوگر انڈسٹری سے 60 ارب روپے ریکور کئے گئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی خصوصی کاوش سے انڈسٹریز میں ٹیکنالوجی بیس مانیٹرنگ سسٹم لگائے گئے، مانیٹرنگ کو موثر کیا گیا، ایماندار لوگ لگائے گئے، گزشتہ سال وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں پوری فنانس ٹیم نے بھرپور محنت کی، وزیر خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور ان کی پوری ٹیم اس میں بہت متحرک رہی، انفلوسمٹ کی مد میں 800 ارب روپے جمع کیا گیا جس سے مزید مالی گنجائش پیدا ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جب حکومت میں تھی تو یہ سیاسی بیانیہ بنانے میں لگے رہے، یہ کام یہ لوگ بھی کر سکتے تھے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ بندرگاہوں پر کسٹم کلیئرنس میں کئی کئی مہینے لگتے تھے، اب وہاں فیس لیس ایپریزل سسٹم نصب کیا گیا اور اب ایف بی آر یہ سسٹم پورے ملک کے اندر لے کر جا رہا ہے جہاں پر ٹیکس دینے والے کا ٹیکس جمع کرنے والے سے آمنا سامنا نہیں ہوگا۔ یہ آئی ٹی بیس سسٹم کے تحت فیس لیس سسٹم ہے تاکہ کسی قسم کی لیکج نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی ریفارمز کے تحت اتنا بڑا ریلیف قوم کو دیا گیا ہے، اس کا اثر تمام شہریوں تک جائے گا، اب ٹیکس نہ ادا کرنے والے کا بوجھ ٹیکس دینے والے نہیں اٹھا سکیں گے، ملک میں منصفانہ نظام نافذ کر دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیر اعظم نے وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی کو ریٹیلرز کے حوالے سے خصوصی ٹاسک دیا کیونکہ 36 لاکھ ریٹیلرز ٹیکس نیٹ سے باہر تھے جبکہ ان کی اپنی درخواست بھی تھی کہ انہیں کسی نہ کسی صورت شفاف طریقہ کار کے ذریعے ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا گیا جبکہ ان کے لئے منصفانہ ٹیکس نظام متعارف کرایا گیا، ریٹیلرز مقررہ ٹیکس ادا کریں گے اور انہیں اس کا باقاعدہ سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا جو وہ اپنی دکانوں پر آویزاں کریں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایف بی آر اصلاحات کے نتیجے میں ادارے میں شفافیت میں اضافہ ہوا ہے، اچھے افسران کی تعیناتی ہوئی ہے اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو فروغ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملینیڈ اگیٹس فاؤنڈیشن نے بھی ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن کو فری آف کاسٹ فنڈ کیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ عالمی ادارے پاکستان میں اصلاحات کی حمایت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف عالمی شراکت داروں سے پاکستان کے نظام کی بہتری کے لیے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم کے حالیہ دورہ چین کے دوران علی بابا کے ساتھ موقع پر ہی معاہدہ طے پایا جسے پوری دنیا نے دیکھا اور علی بابا کے چیئرمین نے بھی ''شہباز اسپیڈ'' کا اعتراف کیا اور کہا کہ ہم پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے تیار ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے واضح کیا کہ حکومت نے تنخواہ دار طبقے کو نمایاں ریلیف فراہم کیا ہے جس کے تحت 50 ہزار روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والوں پر کوئی ٹیکس عائد نہیں کیا گیا جبکہ 50 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک آمدنی پر صرف ایک فیصد ٹیکس رکھا گیا ہے، چھ لاکھ روپے سے زائد آمدن والے پروفیشنلز کے حوالے سے بھی ان کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متوسط طبقے کا ایک بڑا مسئلہ چھوٹے گھروں اور زمینوں کی خرید و فروخت پر ٹیکس سے متعلق تھا، خاص طور پر پانچ مرلہ اور دس مرلہ گھروں یا پلاٹس کی لین دین میں لوگوں کو مشکلات کا سامنا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے ہاؤسنگ اور ڈیولپمنٹ سیکٹر کو بجٹ میں خصوصی ریلیف فراہم کیا ہے جس کے نتیجے میں مڈل کلاس کے لیے چھوٹے پیمانے پر جائیداد کی خرید و فروخت پر ٹیکس بوجھ میں کمی کی گئی ہے تاکہ ہاؤسنگ سیکٹر کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہاؤسنگ اور ڈیولپمنٹ سیکٹر کو وزیر اعظم کی خصوصی کاوشوں کے تحت جو ریلیف دیا گیا ہے اس سے تقریباً 12 صنعتی شعبے منسلک ہیں جن میں سیمنٹ، سریا سمیت دیگر متعلقہ صنعتیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''اپنا گھر'' سکیم کے تحت محروم طبقات کو ایک کروڑ روپے تک کے قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں جس کے لیے 90 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں

بقیہ 10

''ایڈیڈاس ٹراؤنڈا'' (ADIDAS TRIONDA) سیالکوٹ میں پاکستانی کاریگروں کی مہارت، نفاست اور اعلیٰ دستکاری سے تیار کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ پاکستان اس عالمی مقابلے میں شریک ٹیموں میں شامل نہیں، تاہم پاکستان کا ایک حصہ ہر ماس، ہر سیو اور ہر گول میں موجود ہوگا۔ نائب وزیر اعظم نے پاکستانی ہنرمند اور نیم ہنرمند مزدور کاریگروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہی کی محنت اور مہارت پاکستان کو عالمی سطح پر شناخت اور عزت دلا رہی ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کو اپنے محنتی اور باصلاحیت کارکنوں پر فخر ہے۔

بقیہ 11

رابطہ کیا، جس میں خطے کی صورتحال اور امریکا و ایران کے درمیان پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکی کے وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ گفتگو کے دوران امریکا اور ایران کے درمیان جاری مفاہمت کی جانب پیشرفت کو خوش آئند قرار دیا گیا اور اس امید کا اظہار کیا گیا کہ یہ مثبت پیشرفت خطے میں دیرپا امن اور استحکام کی بنیاد بن سکتی ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ علاقائی صورتحال پر قریبی رابطہ جاری رکھا جائے گا اور آئندہ پیش رفت پر مسلسل مشاورت کی جائے گی۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ رابطہ خطے میں سفارتی کوششوں اور کشیدگی میں کمی کے لیے جاری روابط کا حصہ ہے۔

بقیہ 12

کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے ''اپنا گھر'' سکیم کے تحت اب تک 11 ارب روپے جاری کئے جا چکے ہیں۔ الیکٹرک گاڑیوں کی فنانسنگ کے تحت 40 ہزار سے زائد درخواستوں پر کارروائی کی جا چکی ہے۔ توانائی بچت فنانسنگ پروگرام کے تحت 10 کروڑ پنکھوں کی تبدیلی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اس اقدام سے اب تک 8 ہزار میگاواٹ تک بجلی کی بچت حاصل ہوئی ہے۔

بقیہ 13

تبدیلی سے نمٹنے اور زرعی شعبے کو نقصانات سے بچانے کے لیے عالمی بینک کی مدد سے 20 کروڑ ڈالر مختص کیے ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز کیلئے 3 ارب سبسڈی دی جائے گی جبکہ وزیر اعظم یوتھ بزنس اور زرعی پروگرام کے تحت 20 ارب مختص کیے گئے ہیں۔

بقیہ 14

کہا کہ بات چیت کی ابتدا ریاست سے وفاداری اور مکمل اطاعت سے ہوتی ہے۔

بقیہ 15

پروٹیکشن یونٹس ہیڈ کوارٹر رائے ونڈ کی تعمیر کیلئے 12 کروڑ 83 لاکھ روپے مختص کرنے کی اور رائٹس مینجمنٹ فورس ہیڈ کوارٹر 12 کروڑ 50 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ تعمیراتی بجٹ سے ہیڈ کوارٹر میں ایڈمن بلاک اور خواتین کیلئے بیرکس کی تعمیر کی جائے گی، پولیس لائز قلعہ گجر سنگھ میں آڈیٹوریم ہال، بیرکس، ایڈمن آفس کی تعمیر کیلئے 8 کروڑ 84 لاکھ روپے مختص کرنے کی بھی تجویز دی گئی۔ پولیس اسٹیشن موتر سایکلوت کی تعمیر کیلئے 12 کروڑ 42 لاکھ روپے مختص کرنے اور مری میں ڈی پی او آفس اور رہائش گاہ کیلئے 10 کروڑ 90 لاکھ روپے مختص کرنے اور مری میں سپیشل برانچ رہائش گاہیں اور دفاتر کی تعمیر کیلئے 6 کروڑ 86 لاکھ روپے مختص کرنے کی بھی تجویز دی گئی۔ مزید برآں چنیوٹ میں ڈی پی او آفس کی تعمیر کیلئے 10 کروڑ 91 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی

بقیہ 16

حصہ بنایا جائے تاکہ طلبہ میں ابتدائی عمر سے ہی آگاہی پیدا کی جا سکے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق لاہور میں بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات کی ایک بڑی وجہ شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کا فقدان ہے۔ انہوں نے متفق اختیار کیا کہ روڈ سیفٹی کی تعلیم ناگزیر ہو چکی ہے اور اس حوالے سے تعلیمی اداروں کا کردار انتہائی اہم ہے۔ خط میں تجویز دی گئی ہے کہ نرسری سے دسویں جماعت تک روڈ سیفٹی ایجوکیشن متعارف کرائی جائے تاکہ بچے ابتدائی عمر سے ہی ٹریفک اصولوں سے واقف ہوں۔ سی ٹی او عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ سکول نصاب میں ٹریفک قوانین شامل ہونے سے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی آئے گی اور ایک محفوظ ٹریفک کلچر فروغ

قرضوں اور ٹیکسوں سے ملک نہیں چل سکتا، شاہد خاقان عباسی

چین میں معاشی معجزہ برپا ہوا اور وہاں ایک ارب افراد کو غربت سے نکالا گیا، تاہم چین بھی آج اصلاحات کی ضرورت پر زور دیتا ہے

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم نے کہا ہے کہ معیشت کمزور ہوگی تو دفاع بھی کمزور ہوگا، قرضوں اور ٹیکسوں سے ملک نہیں چل سکتا۔ حکومت قرضوں پر سود کی ادائیگی کیلئے عوام پر اضافی ٹیکس عائد کر رہی ہے، دیگر ممالک کے بجٹ اسٹرکچر کا بھی جائزہ لیا جانا چاہیے تاکہ بہتر معاشی پالیسیوں سے استفادہ کیا جا سکے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ملک کا قرضہ 85 ہزار ارب روپے تک پہنچ چکا تھا

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاشعبہ پلمونالوجی میں نصب جدید ایکو کارڈیوگرافی مشین کا افتتاح کر رہے ہیں۔

کفایت شعاری مہم، وفاقی وزرا کا پیٹرول کوٹہ نصف کر دیا گیا، اعظم نذیر تارڑ

موجودہ پالیسی کے تحت وزراء کیلئے اضافی مراعات کی گنجائش نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے، وزیر قانون

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت کی کفایت شعاری مہم کے تحت وفاقی وزراء کے پیٹرول کوٹے میں نمایاں کمی کر دی گئی ہے اور اسے 400 لیٹر سے کم کر کے 200 لیٹر ماہانہ کر دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت اخراجات میں کمی اور مالی نظم و ضبط کو فروغ دینے کے لیے مختلف اقدامات پر عمل پیرا ہے۔

نواب ثناء اللہ زہری کا اپنے نام سے منسوب جعلی ٹک ٹاک اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اعلان

اختر مینگل کی سوشل میڈیا ٹیم جعلی اکاؤنٹس کا محاسبہ کر کے سائبر کرائمز ونگ سے رجوع کرے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ ٹک ٹاک پر میرے نام سے منسوب ایک جعلی اکاؤنٹ کے ذریعے قبائلی و سیاسی شخصیات کے خلاف نامناسب اور اشتعال انگیز مواد شیئر کیا جا رہا ہے، جس سے ان کا کوئی تعلق نہیں سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے سوشل میڈیا پر قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں کے خلاف جاری مہم پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سوشل میڈیا مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے بجائے منفی پروپیگنڈے اور فتنہ انگیزی کا ذریعہ بنتا جا رہا ہے جس کی روک تھام وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر میرا صرف ایک ذاتی اکاؤنٹ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (ٹوئٹر) پر NawabZehri1 کے نام سے موجود ہے

پشاور، چمکنی پولیس کی کارروائی، 4 کمسن نوجوانوں پر مشتمل منظم گینگ گرفتار

پشاور (این این آئی) پشاور میں تھانہ چمکنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے، چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث چار افغان نوجوانوں پر مشتمل منظم گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان ہمسایہ ملک افغانستان کے شہری اور کم عمر ہیں، جن کی شناخت سی سی ٹی وی فوٹیجز اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کی گئی، ملزمان کے قبضے سے تھیس تولہ سے زائد سونا اور موبائل فونز برآمد کر لیے گئے ہیں

پاکستانی معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر تک پہنچنا اہم پیشرفت ہے، شمائلہ رانا

موجودہ حکومت عوام دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے، عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے، رکن قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی شمائلہ رانا نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے، جو معاشی استحکام کی جانب ایک اہم پیشرفت ہے۔ قومی اسمبلی میں وفاقی بجٹ 27-2026 پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے شمائلہ رانا نے کہا کہ حکومت نے بجٹ میں مختلف شعبوں کو ریلیف فراہم کیا ہے اور ٹیکسوں میں بھی عوام دوست اقدامات کیے گئے ہیں۔ شمائلہ رانا نے کہا کہ سولر پینلز پر عائد ٹیکس کا خاتمہ کوئی آسان فیصلہ نہیں تھا، تاہم حکومت نے عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ اقدام کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ (ن) لیگی ایم این اے نے اپوزیشن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر تنقید برائے اصلاح کی جاتی تو اسے مثبت انداز میں لیا جا سکتا تھا، تاہم محض سیاسی مخالفت کی بنیاد پر تنقید مناسب نہیں۔ شمائلہ رانا نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت کو غیر جمہوری طریقے سے ختم کیا گیا تھا

اختر اقبال کی قاسم آرائیں سے ملاقات، صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت

شیخوپورہ (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے سابق کونسلر قاسم آرائیں کے بیٹے فلک شیر کی وفات پر ان کے ڈیرہ قاسم آرائیں پر جا کر اظہار تعزیت اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ اختر اقبال ڈار ماہر تعلیم پرنسپل شہباز احمد خان کی رہائش گاہ بہاری کالونی بھی گئے اور ان کی زوجہ کے انتقال پر دکھ اور رنج کا اظہار کیا

محرم الحرام، ایک لاکھ 24 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دینگے

عزاداری جلوسوں، مجالس کی سکیورٹی کیلئے پہلے سے بہتر اور جامع سٹریٹیجی مرتب کی گئی ہے، آئی جی پنجاب عبدالکریم

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب پولیس نے محرم الحرام کو محفوظ اور پرامن بنانے کے لیے سکیورٹی پلان فائنل کر لیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ عزاداری جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کیلئے پہلے سے بہتر اور جامع سٹریٹیجی مرتب کی گئی ہے۔ عشرہ محرم الحرام کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں مجموعی طور پر 47 ہزار 280 مجالس اور عزاداری جلوسوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ صوبہ بھر میں 37 ہزار 868 مجالس منعقد ہوں گی جبکہ 09 ہزار 412 عزاداری جلوس برآمد ہوں گے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 24 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی ماسٹر پلان سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عوامی خدمت ہی پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہے، سردار خیر محمد ترین

پارٹی نے ہمیشہ ہر فورم پر عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی، آئندہ بھی کرتی رہے گی، پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین سے اتوار کو پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق آفس سیکرٹری حاجی اختر بلوچ، لیبر بیورو کے صوبائی صدر حاجی شاہ جہان گجر نے کوئٹہ ڈویژن سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اس موقع پر سابق صوبائی میڈیا کوارڈنیٹر حیات خان اچکزئی، پیپلز ڈاکٹر فورم کے صوبائی صدر ڈاکٹر عبید اکاڑ کوئٹہ سٹی کے سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، نائب صدر زبیر احمد بڑیچ، جنرل سیکرٹری نعمت لالا، سیکرٹری اطلاعات اکبر خان ترین اور کوئٹہ ڈویژن سیکرٹری اطلاعات احسان اللہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پارٹی کے تنظیمی امور، سیاسی اور موجودہ صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی اور صوبے میں پاکستان پیپلز پارٹی کو مزید فعال بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین اور حاجی اختر بلوچ نے کہا کہ عوامی خدمت ہی پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہے اور پارٹی نے ہمیشہ ہر فورم پر عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔

پاکستان آرمی میں بطور سپاہی بھرتی کے لیے رجسٹریشن شیڈول کا اعلان کر دیا گیا

سکھر (این این آئی) پاکستان آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر پنو عاقل کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق پاکستان آرمی میں بطور سپاہی بھرتی کے لیے رجسٹریشن شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستانی شہری، خصوصاً نوجوان، 25 جون 2026ء تک پاکستان آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر پنو عاقل میں اپنی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔

راولپنڈی میں فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او کا نوٹس

مقتولین باپ بیٹا ہیں جن کی شناخت شہزاد شاہ اور مصطفیٰ شاہ کے ناموں سے ہوئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر نوٹس لے لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد کے علاقہ میں فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے نوٹس لے لیا ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن کو موقعہ پر پہنچ کر رپورٹ پیش کرنے اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا گیا ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن راجہ ناصر علی خان نے گزشتہ رات جائے وقوعہ کا دورہ کیا جبکہ ایس ایچ او نصیر آباد کو شواہد کے حصول اور ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایت کی۔ مقتولین باپ بیٹا ہیں جن کی شناخت شہزاد شاہ اور مصطفیٰ شاہ کے ناموں سے ہوئی، واقعہ میں دو راہگیر خواتین بھی معمولی زخمی ہوئیں۔ واقعہ کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

صحت مند قوم ہی ترقی یافتہ، خوشحال معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، سیدال خان

پارلیمان شعبہ صحت کی بہتری، عوامی بہبود، موثر طبی نظام کے فروغ کیلئے ہر ممکن قانون سازی، پالیسی اقدامات کی حمایت جاری رکھے گی، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ/ اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے صحت کے شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایک صحت مند قوم ہی ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، پارلیمان صحت کے شعبے کی بہتری، عوامی بہبود، اور موثر طبی نظام کے فروغ کے لیے ہر ممکن قانون سازی اور پالیسی اقدامات کی حمایت جاری رکھے گی۔ یہ بات شفا انٹرنیشنل ہسپتال کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کی

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ مون سون کے حوالے سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایران نے افزودہ یورینیم کے ذخائر کی حفاظت مزید سخت کر دی، امریکی میڈیا کا دعویٰ

نصف ٹن انتہائی افزودہ یورینیم تک رسائی اب پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ مشکل، خطرناک اور وقت طلب ہو گئی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے اپنے انتہائی افزودہ یورینیم کے ذخائر کو محفوظ بنانے کے لیے زیر زمین جوہری تنصیبات کو سیل کر دیا ہے اور ان تک رسائی کے راستوں پر بارودی سرنگیں بھی نصب کر دی ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے امریکی انٹیلی جنس ذرائع کے حوالے سے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ایران نے حالیہ ہفتوں کے دوران اپنے جوہری اثاثوں کے تحفظ کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے ہیں، جن میں زیر زمین سرنگوں کو بند کرنا اور ان کے داخلی راستوں کو بارودی سرنگوں سے محفوظ بنانا شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق تقریباً نصف ٹن انتہائی افزودہ یورینیم تک رسائی اب پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ مشکل، خطرناک اور وقت طلب ہو گئی ہے۔

پشاور، پلوسی بادشاہ خان مارکیٹ میں سلنڈرز کی دکان میں آگ لگ گئی

پشاور (این این آئی) پشاور میں پلوسی بازار بادشاہ خان مارکیٹ میں سلنڈرز کی دکان میں آگ لگ گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ مبینہ طور پر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ریسکیو اہلکاروں نے پیچیس منٹ کی مسلسل جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پا لیا، بروقت کارروائی سے آگ کو پھیلنے سے روک کر قریبی دکانیں محفوظ کر لی گئیں۔

لاہور صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل، چیئرمین پی سی ایم اے ہارون علی خان اور دیگر کے ہمراہ ایکسپو سنٹر میں پاکستان کیمیکل ایکسپو کے انعقاد بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

کراچی کو نظر انداز کرنا پاکستان کی معیشت کو کمزور کرنے کے مترادف ہے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

ایم کیو ایم A-140، بلدیاتی اختیارات اور 28 ویں آئینی ترمیم کے وعدوں پر عملدرآمد کرائے، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان کے روح رواں، سابق گورنر سندھ اور نشانِ امتیاز ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ کراچی کو اس کے جائز حقوق سے محروم رکھنا دراصل پاکستان کی معیشت کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی مرکز ہے، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وفاقی بجٹ 2026-27 میں شہر کو اس کی اہمیت کے مطابق وسائل اور ترقیاتی فنڈز نہیں دیے گئے۔ ایم پی پی کی ایڈوائزری کونسل، معاشی ماہرین کی کمیٹی اور مرکزی کمیٹی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی سے منتخب ارکان اسمبلی عوام کو جواب دیں کہ اگر وہ شہر کو اس کا حق نہیں دلا سکتے تو اسمبلی میں ان کی موجودگی کا مقصد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے لیے 25 ارب روپے کے مطالبات کے باوجود صرف محدود فنڈز دینا شہر کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ وفاقی بجٹ محض اعداد و شمار کا مجموعہ ہے

ہم افواج کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، مرزا اختیار بیگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ نے کہا ہے کہ ہم افواج کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث کے دوران مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ دفاعی اخراجات کیلئے اپنی جیب میں کمی کرتے ہوئے، یہ پیسے ہم خوشی سے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی افواج کے لیے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ پی پی پی ایم این اے نے کہا کہ وزیر اعظم نے سپر ٹیکس کو 500 ملین تک ختم کیا،

پانی بحران، صبر کا پیمانہ لبریز، منظر پمپ ملیر میں 16 جون کو دھرنے کا اعلان

واٹر بورڈ اور میئر کراچی پانی فراہم کرنے میں ناکام، شہری بوند بوند کو ترس گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع ملیر کے صدر اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر محمد فیروز خان نے اپنے علاقے میں طویل عرصے سے جاری پانی کے سنگین بحران پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے علاقہ مکینوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے میئر کراچی اور ایم ڈی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ انہوں نے عوامی مشکلات کے پیش نظر 16 جون کو احتجاجی دھرنے کی کال دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب خاموش رہنا ممکن نہیں رہا اور شہریوں کے بنیادی حق کے حصول کے لیے ہر جمہوری اور آئینی راستہ اختیار کیا جائے گا۔ اپنے ویڈیو پیغام میں محمد فیروز خان نے کہا کہ گزشتہ ایک ماہ سے واٹر بورڈ انتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطے کیے گئے، متعدد بار شکایات درج کرائی گئیں

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا عالمی یوم عطیہ خون پر عوام سے رضا کارانہ خون عطیہ کرنے کی اپیل

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم عطیہ خون کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ خون کا عطیہ ایک عظیم انسانی خدمت اور انسانیت سے محبت کا عملی اظہار ہے، جبکہ ایک خون کا عطیہ کئی قیمتی جانوں کو بچانے کا سبب بن سکتا ہے۔ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ محفوظ اور رضا کارانہ خون کا عطیہ ایک صحت مند اور ذمہ دار معاشرے کی بنیاد ہے۔

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ٹاؤن ہال میں کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

گلگت بلتستان کے عوامی مینڈیٹ کا ہر صورت تحفظ کریں گے، ہمایوں خان

پیپلز پارٹی آئینی، جمہوری اور قانونی جدوجہد کے ذریعے عوام کے حق کی آواز بلند کرتی رہے گی، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوامی مینڈیٹ کا ہر صورت تحفظ کریں گے۔ گلگت بلتستان انتخابات کے نتائج میں تاخیر پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوامی مینڈیٹ کا ہر صورت تحفظ کریں گے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئینی، جمہوری اور قانونی جدوجہد کے ذریعے عوام کے حق کی آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ فارم 45 کے معاملے پر ہماری بروقت جدوجہد نے شفاف انتخابی عمل کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا، انہوں نے کہا کہ عوامی فیصلوں میں کسی بھی قسم کی مداخلت ناقابل قبول ہے، گلگت بلتستان کے عوام کے فیصلے کا احترام جمہوریت کی بنیادی شرط ہے، انتخابی نتائج میں تاخیر یا تبدیلی کے کسی بھی حربے سے اعتماد مجروح ہوتا ہے۔

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ٹاؤن ہال میں کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

حضرت الحاج خلیفہ سائیں غلام قادر میمن غفاری بخشی طاہری رحمۃ اللہ علیہ کا عرس مورو شہر کی کھیڑا مسجد میں منایا گیا

عرس مبارک پروگرام کے سٹیج سیکرٹری محمد ادریس چنہ طاہری (جنرل سیکرٹری RTJ برانچ مورو) تھے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو جماعت اصلاح المسلمین برانچ مورو اور روحانی طالبہ جماعت برانچ مورو کے زیر اہتمام عظیم صوفی بزرگ حضرت الحاج خلیفہ سائیں غلام قادر میمن غفاری بخشی طاہری رحمۃ اللہ علیہ کا عرس مورو شہر کی کھیڑا مسجد میں منایا گیا۔ عرس مبارک پروگرام کے سٹیج سیکرٹری محمد ادریس چنہ طاہری (جنرل سیکرٹری RTJ برانچ مورو) تھے۔ تلاوت قرآن پاک حافظ رفیق احمد سومرو نے کی۔ ماجد علی ساجی، ممتاز علی چنہ، سبحان علی عمرانی اور حافظ شان علی نے نعت پیش کی۔ منقبت فراز قمر میمن نے پیش کی۔ پروگرام کی صدارت علی اصغر چنہ طاہری نے کی۔ پروگرام میں سائیں خلیفہ غلام قادر میمن کی زندگی پر تاثرات رانا آصف علی راجپوت، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ برڑو، خلیفہ اکرام خلیفہ سائیں غلام شبیر ڈاہری، خلیفہ سائیں رہنواز چنہ، خلیفہ سائیں ڈاکٹر وجھہ الدین میمن اور خلیفہ خلیفہ محمد بشیر سونگی طاہری پڑھے۔ مقررین نے مولانا سائیں غلام قادر میمن مرحوم کی دینی، اصلاحی اور سماجی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مولانا غلام قادر میمن مورو کے لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت تھے، ان کی زندگی مبارک معاشرے کے لیے مشعل راہ ہے، انھوں نے اپنی زندگی صراط مستقیم پر گزاری اور معاشرے کو بھی سچائی کا درس دیتے رہے، وہ ہمیشہ خدا کی راہ میں گامزن رہے۔ اپنے کامل مرشد و استاد حضرت محبوب سجن سائیں کا منظور نظر تھا۔ آخر میں عرس مبارک کا لنگر جماعت میں تقسیم کیا گیا۔

تھانہ کورئی کے تھانہ مورو کے گاؤں محمد موسیٰ کورائی میں پولیس کا فرچھاپہ

پولیس پر نوجوان کو تشدد کے بعد اٹھا کر لے جانے کا الزام

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) تھانہ کورئی کے تھانہ مورو کے گاؤں محمد موسیٰ کورائی میں پولیس کا فرچھاپہ۔ پولیس پر نوجوان کو تشدد کے بعد اٹھا کر لے جانے کا الزام۔ ورثاء کے احتجاج کے بعد انصاف کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل مورو کے کورائی تھانے کی حدود میں واقع گاؤں محمد موسیٰ کورائی (بانڈو) کے رہائشی محمد لائق کورائی نے الزام لگایا ہے کہ مورو پولیس اور تھانہ کورائی کی پولیس نے بغیر کسی جواز کے اس کے گھر پر چھاپہ مار کر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا ہے۔ محمد لائق کورائی کے مطابق پولیس ان کے بیٹے حنیف کورائی کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد لے گئی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پولیس گھر سے رقم، سونا، دو لائسنسی بندوقیں اور کاغذات کے ساتھ موٹر سائیکل لے گئی جبکہ ان اشیاء کے تمام قانونی دستاویزات ان کے قبضے میں ہیں۔ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ وہ غریب محنت کش ہیں، وہ کسی غیر قانونی کام میں ملوث نہیں اور حنیف کورائی کے خلاف کوئی ایف آئی آر درج نہیں ہوئی اور نہ ہی کوئی این سی درج کرائی گئی۔ متاثرہ فریقین نے وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار، آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو، ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد فیصل بشیر میمن اور ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو سے واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور اگر کسی قسم کی زیادتی ہوئی ہے تو ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

چارج سنبھالنے کے فوراً بعد انہوں نے تمام زونل ڈی ایس پیز کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی

(بیورو چیف اسلام اباد محمد شہباز گولڑوی) چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے کے فوراً بعد انہوں نے تمام زونل ڈی ایس پیز کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی اور ٹریفک مینجمنٹ، انفورسمنٹ اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسلام آباد میں ٹریفک ڈسپلن کا فروغ، بہترین ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کو معیاری سفری سہولیات کی فراہمی اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیحات ہیں۔ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو مزید مؤثر بنایا جائے اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ لین وائلیشن، ون وے کی خلاف ورزی، دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال، سیٹ بیلٹ کی پابندی، غیر نمونہ و غیر قانونی نمبر پلیٹس، کم عمر ڈرائیونگ، ون ویلنگ اور ڈرفٹنگ کے خلاف سخت اور مؤثر انفورسمنٹ یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد ٹریفک پولیس جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ٹریفک مینجمنٹ کے ذریعے شہریوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان

ضلع کرم کے علاقے سنٹرل کرم میں قائم میر باغ پولیس چیک پوسٹ پر دوپہر کے وقت دہشت گردوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا

پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا

کرم) ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع کرم کے علاقے سنٹرل کرم میں قائم میر باغ پولیس چیک پوسٹ پر دوپہر کے وقت دہشت گردوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا چیک پوسٹ پر تعینات پولیس اہلکاروں نے انتہائی بہادری، جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا کئی گھنٹوں تک بھرپور مقابلہ کیا اور دشمن کی فائرنگ کا مؤثر جواب دیتے رہے دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں 17 پولیس اہلکار زخمی ہوئے، جبکہ 18 مقامی شہری زخمی ہوئے اور 3 شہید ہو گئے۔ زخمی اہلکاروں اور شہریوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صدہ اور ڈی ایچ کیو ہسپتال پاراچنار منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او کرم ملک حبیب خان فوری طور پر ہسپتال پہنچ گئے، جہاں انہوں نے زخمی پولیس اہلکاروں اور شہریوں کی عیادت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی اس موقع پر ڈی پی او کرم نے ڈیوٹی پر موجود طبی عملے کو زخمی اہلکاروں اور شہریوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت نہ برتنے پر زور دیا۔

ضلع اورکزئی کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید کا ڈی پی او آفس اورکزئی کا دورہ

ڈی ایس پی آپر محبوب خان کو نقد انعام سے نوازا اور ان کی خدمات کو سراہا

اورکزئی) بیورو رپورٹ) پریس ریلیز ضلع اورکزئی کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید کا ڈی پی او آفس اورکزئی کا دورہ، پولیس جوانوں کی بہادری کو خراج تحسین۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اورکزئی شوکت علی نے کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید کا استقبال کیا۔ اورکزئی: کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اورکزئی شوکت علی کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے گزشتہ روز تھانہ مشتی میلہ کی حدود سانگھڑہ میں کالعدم لشکر اسلام تنظیم کے خلاف کامیاب کارروائی کے دوران بہادری اور جرات کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران و اہلکاروں سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈی ایس پی آپر محبوب خان، ڈی ایس پی سنٹرل سکندر حسن اور دیگر پولیس افسران کی قیادت میں اورکزئی پولیس نے تھانہ مشتی میلہ کے حدود سانگھڑہ میں کالعدم لشکر اسلام تنظیم کے عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دشمن عناصر کا بھرپور مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں شرپسند عناصر کو پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہونا پڑا۔ کارروائی کے دوران اورکزئی پولیس نے غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بہادری کا مظاہرہ کیا۔ کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید نے اس کامیاب کارروائی میں حصہ لینے والے پولیس جوانوں سے ملاقات کی اور ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی، جرات اور فرض شناسی کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اورکزئی پولیس نے دہشت گرد عناصر کے خلاف فرنٹ لائن پر جس دلیری اور عزم کا مظاہرہ کیا وہ قابل فخر ہے۔ عد ازاں، کرنل عدنان جاوید نے گزشتہ روز فرنٹ لائن پر آپریشن کی قیادت کرتے ہوئے غیر معمولی بہادری اور جرات کا مظاہرہ کرنے پر ڈی ایس پی آپر محبوب خان کو نقد انعام سے نوازا اور ان کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید نے کہا کہ وطنِ عزیز کے تحفظ، قیامِ امن اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں، خدمات اور مشترکہ کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔ ڈی پی او اورکزئی ش